★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیر وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 313 بروز پیر 10 اگست 2026ء 25 صفر 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

وزیراعظم کا بلوچستان سے پیش کیے گئے حب الوطنی نغمے پر فنکاروں کو خراج تحسین

اسلام آباد / کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے یوم آزادی کی آمد کے موقع پر بلوچستان سے پیش کیے گئے خوبصورت اور حب الوطنی سے بھرپور نغمے کو سراہتے ہوئے فنکاروں اور اس شاندار کاوش میں شامل تمام افراد کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ 'ایکس' پر اپنے بیان میں کہا کہ جیسے جیسے یوم آزادی قریب آ رہا ہے، بلوچستان سے پیش کیے جانے والے اس خوبصورت اور حب الوطنی سے بھرپور نغمے کو دیکھ کر ان کا دل فخر سے بھر گیا ہے۔

چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی ہے۔ ملاقات میں ملکی سیاسی صورت حال اور پارلیمانی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق دونوں رہنماؤں نے موجودہ سیاسی حالات اور جمہوری عمل سے متعلق امور پر گفتگو کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے دیگر اہم معاملات بھی زیر بحث آئے۔

دستور ساز اسمبلی کا قیام پاکستان کی پارلیمانی تاریخ کا سنہری باب ہے، اسپیکر ایاز صادق

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ دستور ساز اسمبلی کا قیام پاکستان کی قومی و پارلیمانی تاریخ کا ایک تاریخی سنگ میل تھا، جس نے ملک میں آئینی، جمہوری اور پارلیمانی نظام کی مضبوط بنیاد رکھی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

امریکا تہران سے مذاکرات اور مفاہمت پر مجبور ہوا جو سفارتکاری کی کامیابی ہے، ایرانی صدر

تہران (آن لائن) ایران کے صدر مسعود پزشکیان کا کہنا ہے کہ امریکا تہران کے ساتھ مذاکرات اور مفاہمت کے لیے مجبور ہوا ہے جو ہماری سفارتکاری کی کامیابی ہے اور یہی وہ وقت ہے جب کسی معاہدے تک پہنچ سکتے ہیں۔ ایران کے دارالحکومت تہران میں میڈیا کے (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

مکہ معاہدہ پاکستان کیلئے ایک قابل فخر سفارتی اور دفاعی پیش رفت ہے، بابر یوسفزئی

کوئٹہ (خ ن) معاون برائے داخلہ حکومت بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والا تاریخی دفاعی معاہدہ نہ صرف تین برادر ممالک کے درمیان مضبوط اعتماد اور دوستی کی علامت ہے بلکہ خطے میں اجتماعی سلامتی، استحکام (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کا دفاعی معاہدہ تینوں ملکوں کے مفاد میں ہے معاہدہ تینوں ملکوں کے عوام کے تحفظ کا ضامن ہے، اویس لغاری، تاریخی معاہدے سے امن کی راہیں ہموار ہوئیں

مکہ دفاعی معاہدہ خطے میں امن کی ضمانت فراہم کرے گا، وفاقی وزراء و اراکین پارلیمنٹ

معاہدے سے خطے میں دائمی امن کی بنیاد رکھی گئی، طارق فضل چوہدری، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی کاوشوں سے معاہدہ ممکن ہوا، احسن اقبال، عطاء اللہ تارڑ، امیر مقام، شزا فاطمہ خواجہ و دیگر کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزراء اور پارلیمنٹیرینز نے مکہ معاہدہ کو امت مسلمہ کے اتحاد کی بنیاد قرار دیتے ہوئے اس کا بھرپور خیر مقدم کیا ہے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا کہ یہ دفاعی معاہدہ خطے میں امن کی ضمانت فراہم کرے گا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کا دفاعی معاہدہ تینوں ملکوں کے مفاد میں ہے۔ وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ معاہدہ تینوں ملکوں کے عوام کے تحفظ کا ضامن ہے۔ وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ نے کہا کہ تاریخی معاہدے سے امن کی راہیں ہموار ہوئیں۔ وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ معاہدے سے خطے میں دائمی امن کی بنیاد رکھی گئی۔ امور کشمیر کے وزیر امیر مقام نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

معاہدے کا مقصد امن و سلامتی کے چیلنجز سے نمٹنے اور خطے میں استحکام و خوشحالی کو فروغ دینا ہے معاہدہ خطے کے ان ممالک کے لیے بھی کھلا ہے، سوشل میڈیا ایکس پر جاری پیغام

معاہدہ خطے کے ان ممالک کے لیے بھی کھلا ہے جو اس کے بنیادی اصولوں کی پاسداری کریں مکہ معاہدہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی اصولوں سے ہم آہنگ ہے، اسحاق ڈار

مکہ معاہدہ کسی ملک کے خلاف نہیں

دفاعی نوعیت کا ہے اس میں خطے کا کوئی بھی ملک شامل ہو سکتا ہے پاکستان

مکہ معاہدہ خالصتاً دفاعی نوعیت کا ہے اور کسی ملک کے خلاف نہیں مکہ معاہدہ کسی بھی موجودہ دوطرفہ یا کثیرالجہتی معاہدے کو ختم یا منسوخ نہیں کرتا، کسی ایک پر بیرونی مسلح حملہ، تینوں پر حملہ تصور کیا جائیگا

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ مکہ معاہدہ خالصتاً دفاعی نوعیت کا ہے اور کسی ملک کے خلاف نہیں۔ مکہ معاہدہ کسی بھی موجودہ دوطرفہ یا کثیرالجہتی معاہدے کو ختم یا منسوخ نہیں کرتا۔ تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر بیرونی مسلح حملہ، تینوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ معاہدہ خطے کے ان ممالک کے لیے بھی کھلا ہے جو اس کے بنیادی اصولوں کی پاسداری کریں۔ سوشل میڈیا ایکس پر جاری ایک پیغام میں نائب وزیراعظم اسحاق (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری ملاقات کر رہے ہیں

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے اہم شخصیات کی ملاقاتیں

مکہ دفاعی معاہدہ خطے کے امن و استحکام کے لیے اہم سنگِ میل قرار دیدیا

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور کے چیئرمین سینیٹر مولانا عطاء الرحمن، قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کے چیئرمین سینیٹر رانا محمود الحسن، مختلف پارلیمنٹیرینز، وکلاء، دانشوروں، سول سوسائٹی، تاجر برادری، چیمبرز آف کامرس کے نمائندگان اور دیگر اہم شخصیات نے ملاقاتیں (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

وزارت مذہبی امور کا سرکاری حج سکیم کے تحت حج درخواستوں کی وصولی رواں ماہ شروع کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) وزارت مذہبی امور نے سرکاری حج سکیم کے تحت حج درخواستوں کی وصولی رواں ماہ شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ وزارت مذہبی امور کے ذرائع کے مطابق حج 2027 کی درخواستوں اور اخراجات (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

دہشتگردی کے خلاف برسرِ پیکار سکیورٹی فورسز کے بہادر جوان قوم کا فخر ہیں، محسن نقوی

آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کی تحسین

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کی تحسین کی ہے۔ ایک بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے 15 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا اور کہا کہ سکیورٹی فورسز نے کامیاب کارروائیاں کر کے فتنہ الہندوستان (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

وزیراعظم شہباز شریف رواں ماہ دو غیر ملکی دورے کریں گے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف رواں ماہ دو غیر ملکی دورے کریں گے 17 اگست سے انڈونیشیا کا دورہ کریں گے جہاں وہ جکارتہ میں ڈی ایٹ سربراہی اجلاس میں شرکت کریں گے۔ دوسرا دورہ کرغزستان کا کریں گے جہاں وہ ایس سی او سمٹ میں شرکت کریں (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

پاکستان سعودی عرب اور ترکیہ کا مکہ باہمی دفاعی معاہدے کے بعد خصوصی نغمہ جاری

نغمے میں حرمین شریفین کی حفاظت اور خدمت کو ایک مشترکہ مقدس ذمہ داری کے طور پر پیش کیا گیا

پاکستان نے سعودی عرب اور ترکیہ کو مضبوط دفاعی تعاون کے ایک تاریخی رشتے میں جوڑ دیا

اسلام آباد (آن لائن) مکہ باہمی دفاعی معاہدے پر پاکستان کی جانب سے خصوصی نغمہ ہم سب ایک ہیں جاری کر دیا گیا ہے۔ تینوں ممالک کے تاریخی دفاعی معاہدے کی خوشی میں جاری کیے گئے اس نغمے میں تینوں ممالک کے برادرانہ تعلق کو اجاگر کیا گیا ہے۔ نغمے میں حرمین شریفین کی حفاظت اور خدمت کو ایک مشترکہ مقدس ذمہ داری کے طور پر پیش کیا گیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

خیبر پختونخوا کو امن چاہیے، وسائل، معدنیات پر پہلا حق عوام کا ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

16 اگست کو پٹرولیم لیوی، آئی پی پیز، حکمرانوں کی عیاشیوں کیخلاف دھرنے ہوں گے، خطاب

پشاور (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ امن و امان کا قیام ملک کی اہم ترین ضرورت ہے، ملکی وسائل، معدنیات پر پہلا حق عوام کا ہے۔ مکہ (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا تاریخی مکہ باہمی دفاعی معاہدہ

جوش و خروش عروج پر وفاقی دارالحکومت اور صوبائی شہروں کو شاندار انداز میں سجایا گیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا تاریخی مکہ باہمی دفاعی معاہدہ، امن، سلامتی اور استقامت کے نئے عزم کا آغاز تاریخی مکہ باہمی دفاعی معاہدہ ہونے پر پاکستان میں جوش و خروش عروج پر وفاقی دارالحکومت اور صوبائی شہروں کو شاندار انداز میں سجایا (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

ترکش پیٹرولیم پاکستان کے سمندروں میں آف شور ڈرلنگ کرنے جا رہی ہے، اس کے بعد ایک بڑی سرمایہ کاری آئے گی

پیٹرول مہنگا ہے لیکن قلت آنے نہیں دی، ہمسایہ ملک میں شناختی کارڈ پر 2 لیٹر پیٹرول ملتا، وزیر پیٹرولیم

پاکستان خطے میں امن اور تحفظ کا ضامن بن کر سامنے آیا، مکہ مشترکہ معاہدے پر پوری قوم کو فخر ہے، تقریب سے خطاب

ترکش پیٹرولیم پاکستان کے سمندروں میں آف شور ڈرلنگ کرنے جا رہی ہے، اس کے بعد ایک بڑی سرمایہ کاری آئے گی

لاہور (آن لائن) وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے ترکش پیٹرولیم پاکستان کے سمندروں میں آف شور ڈرلنگ کرنے جا رہی ہے، اس کے بعد ایک بڑی سرمایہ کاری آئے گی جب کہ محدود وسائل کے باوجود حکومت نے عوام کو ریلیف دینے اور تیل کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کی پوری کوشش کی، پیٹرول آج بھی مہنگا ہے لیکن پیٹرول کی قلت کہیں آنے نہیں دی، ہمسایہ ممالک میں شناختی کارڈ دکھا کر 2 لیٹر پیٹرول دیا جا رہا ہے۔ لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے علی پرویز ملک کا کہنا تھا مسلم لیگ ن عملی سیاست پر یقین رکھتی (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

MAKKAH JOINT DEFENCE AGREEMENT
MAKKAH JOINT DEFENCE AGREEMENT
MAKKAH JOINT DEFENCE AGREEMENT
PEACE
SECURITY
STABILITY

ڈپٹی کمشنر پشین منصور قاضی کی ہدایت پر پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے تاریخی دفاعی معاہدے کے اظہار یکجہتی کے لیے ضلع پشین کے مختلف سرکاری دفاتر میں بینرز اور فلیکس آویزاں کر دیے گئے ہیں

تاریخ ہوئی رقم---دفاع ہوا مضبوط تر
پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ
★3★ برادر اسلامی ممالک---★1★ مشترکہ دفاع
★مکہ جائنٹ ڈیفینس ایگریمنٹ★
وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے
اس تاریخی دفاعی معاہدے کا خیر مقدم
یہ معاہدہ مسلم امہ کے اتحاد اور مشترکہ دفاع کیلئے
فیصلہ کن سنگ میل ثابت ہوگا
محکمہ تعلقاتِ عامہ - حکومتِ بلوچستان
www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan @govtofbalochistan @dgpr_gob
SS.02/09.08.2026

26 لاکھ 89 ہزار 295 جبکہ پنجاب سے 1 لاکھ 40 ہزار 468 غیر قانونی مقیم افغان باشندے واپس بھجوائے گئے

ملک بھر میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے انخلاء کی مہم جاری

پنجاب کے 39 ہولڈنگ سینٹرز میں 188 افغان شہری موجود، جنہیں طورخم کے راستے واپس بھجوایا جائے گا، ترجمان

لاہور (آن لائن) پاکستان میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے انخلاء کی مہم میں محکمہ داخلہ پنجاب کے فارن نیشنل سکیورٹی سیل کی موثر کارروائیاں جاری ہیں۔ ملکی پالیسی کے مطابق غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کو گرفتار کر کے ہولڈنگ سینٹرز میں لایا جا رہا ہے اور ضروری دستاویزی عمل مکمل کرنے کے بعد انہیں ان کے وطن واپس بھجوایا جا رہا ہے۔ اب تک پاکستان سے مجموعی طور پر 26 لاکھ 89 (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

پشتونخوا میپ کا بیرسٹر گوہر سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی پریس ریلیز میں پارٹی چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

چترال میں سیلاب سے صورتحال تشویشناک، نشیبی علاقوں کو شدید مشکلات

چترال (آن لائن) ضلع چترال میں سیلابی صورتحال بدستور تشویشناک ہے، گہرت گول کے نشیبی علاقوں کے مکینوں کو شدید مشکلا (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

مسجد میں 8 سالہ بچی سے مبینہ زیادتی کی کوشش، امام گرفتار

علی پور (آن لائن) تھانہ سیت پور کی حدود موضع لتی میں امام مسجد نے 8 سالہ بچی سے مسجد کے اندر زیادتی کی کوشش کی۔ بچی کے والد کے مطابق ملزم مسجد کی صفائی کرنے کے بہانے بچی کو واش روم تک لے گیا اور برہنہ کر کے زیادتی کی کوشش کی، بچی کے شور کرنے پر ملزم بچی کو برہنہ حالت میں چھوڑ کر فرار ہوگیا۔ بچی کے والد کی (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ خطے کے کسی ملک کیلئے خطرہ نہیں، سعودی عہدیدار

ریاض (آن لائن) سعودی وزارتِ خارجہ کے نائب وزیر ایمبیسیڈر ڈاکٹر رائد قرملی نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان کئی دہائیوں پر محیط گہرے تاریخی اور سٹریٹیجک تعلقات کی عکاسی کرتا ہے اور کئی برسوں تک جاری (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

پاکستان کا 79واں جشن آزادی 14 اگست کو روایتی جوش و خروش اور ملی جذبہ کے ساتھ منایا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کا 79واں جشن آزادی 14 اگست کو روایتی جوش و خروش اور ملی جذبہ کے ساتھ منایا جائے (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

اسپیزنڈ کے علاقے میں ریلوے ٹریک کو دھماکہ مواد سے اڑا دیا گیا

کوئٹہ آنے والی ٹرینیں بھی اپنے اوقات کار کے مطابق آ رہی ہے، ریلوے

کوئٹہ (آن لائن) اسپیزنڈ کے علاقے میں ریلوے ٹریک کو دھماکہ مواد سے اڑا دیا گیا ریلوے حکام نے ٹریک کی مرمت مکمل کردی کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس ٹرین اپنے مقررہ وقت سے ایک گھنٹے کی تاخیر سے منزل مقصود کی جانب روانہ ہوئی ریلوے حکام کے مطابق گزشتہ شب نامعلوم ملزمان نے اسپیزنڈ کے علاقے میں ریلوے ٹریک پر دھماکہ خیز مواد نصب کر رکھا تھا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس سے ٹریک کو نقصان پہنچا دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس، سیکورٹی فورسز، فرنٹیئر کور اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی سیکورٹی کلیئرنس کے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

محمد نواز شریف کا وژن ہمیشہ مضبوط معیشت اور عوام کی خوشحالی سے جڑا رہا ہے، طارق فضل چوہدری

آزاد کشمیر میں مضبوط اور باصلاحیت حکومت کے لیے مسلم لیگ ن کی کامیابی ضروری ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں مضبوط اور باصلاحیت حکومت کے لیے مسلم لیگ ن کی کامیابی ضروری ہے اب تیسرے مرحلے میں بقیہ حلقوں کے ووٹرز ووٹ کی طاقت سے ترقی اور خوشحالی کا سفر آگے بڑھائیں، ایکس پر بیان میں وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات کا تیسرا مرحلہ، فیصلہ اب عوام کے ہاتھ میں ہے، پہلے دو مراحل میں عوام نے مسلم لیگ ن پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا، اب تیسرے مرحلے میں بقیہ حلقوں کے ووٹرز ووٹ کی طاقت سے ترقی اور خوشحالی کا (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

خضدار، خطرات کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ خضدار نے تمام کمرشل مراکز کی بندش کے نئے اوقات کا نوٹیفکیشن جاری

خضدار (خ ن) ضلع خضدار میں سکیورٹی کے بڑھتے ہوئے خطرات کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ خضدار نے تمام کمرشل مراکز کی (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

گڈز اور منی مزدا ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال کا دوسرا روز، گاڑیوں کی روانگی معطل

لاہور (آن لائن) گڈز ٹرانسپورٹ اور منی مزدا ٹرانسپورٹ کی ہڑتال دو (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

79واں یوم آزادی، عزم، قربانی، اتحاد اور روشن مستقبل کا جشن

اسلام آباد (آن لائن) 79واں یوم آزادی، عزم، قربانی، اتحاد اور روشن مستقبل کا جشن منایا جا رہا ہے اور شہریوں نے ان جذبات کا اظہار کیا ہے کہ وطن سے محبت صرف جذبات (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں، 15 خوارج جہنم واصل

مستونگ، بولان، واشک، آواران، سبی، خضدار، ہرنائی اور نوشکی میں کارروائیاں، بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد

سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت اپنی کارروائیاں بلاتعطل جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہیں

مستونگ (آن لائن) آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشتگردوں کیخلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری، 15 خوارج جہنم واصل کر دیے گئے۔ سیکیورٹی فورسز نے مستونگ، بولان، واشک، آواران، سبی، خضدار، ہرنائی اور نوشکی میں خوارج کے خلاف متعدد کارروائیاں کیں کارروائیوں کے نتیجے میں 15 خوارج جہنم واصل ہوئے جبکہ خوارج کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

پیٹرول کی قلت

وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے ترکش پیٹرولیم پاکستان کے سمندروں میں آف شور ڈرلنگ کرنے جا رہی ہے، اس کے بعد ایک بڑی سرمایہ کاری آئے گی جب کہ محدود وسائل کے باوجود حکومت نے عوام کو ریلیف دینے اور تیل کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کی پوری کوشش کی، پیٹرول آج بھی مہنگا ہے لیکن پیٹرول کی قلت کہیں آنے نہیں دی، ہمسایہ ممالک میں شناختی کارڈ دکھا کر 2 لیٹر پیٹرول دیا جا رہا ہے۔ لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے علی پرویز ملک کا کہنا تھا مسلم لیگ ن عملی سیاست پر یقین رکھتی ہے، نواز شریف نے ملک کو ایٹمی قوت بنا کر ناقابل تسخیر بنایا۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا ایران امریکا جنگ کے دوران پاکستان خطے میں امن اور تحفظ کا ضامن بن کر سامنے آیا، مکہ مشترکہ معاہدے پر پوری قوم کو فخر ہے، سعودیہ کی معاشی قوت، ترکیے کی ترقی اور پاکستان کی دفاعی صلاحیت اہم کردار ادا کرے گی۔ علی پرویز ملک کا کہنا تھا پاکستان کی مسلح افواج کی مہارت اور صلاحیتوں کی پوری دنیا گواہ ہے، ایران امریکا جنگ کے دوران معاشی سطح پر چیلنجز کا سامنا رہا، لیکن وزیراعظم شہباز شریف نے مشکل فیصلے لیتے ہوئے ملک کو ترقی کی راہ پر ڈالا، اگلی منزل معاشی میدان میں کامیابیاں ہیں۔ وزیر پیٹرولیم کا کہنا تھا محدود وسائل کے باوجود حکومت نے عوام کو ریلیف دینے اور تیل کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کی پوری کوشش کی، پیٹرول آج بھی مہنگا ہے لیکن پیٹرول کی قلت کہیں آنے نہیں دی، ہمسایہ ممالک میں شناختی کارڈ دکھا کر 2 لیٹر پیٹرول دیا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ ترکش پیٹرولیم پاکستان کے سمندروں میں آف شور ڈرلنگ کرنے جا رہی ہے، اس کے بعد ایک بڑی سرمایہ کاری آئے گی۔

بقیہ 01

مارشل سید عاصم منیر کی کاوشوں سے یہ معاہدہ ممکن ہوا۔ معاہدہ مکہ کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدہ پر پوری پاکستانی قوم کو مبارکباد دیتا ہوں، یہ دفاعی معاہدہ خطے میں امن کی ضمانت فراہم کرے گا، خطے کے امن اور سلامتی کے لئے ممالک کو مل کر ایک دوسرے سے تعاون ناگزیر ہے۔ وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ آج پورا پاکستان مشترکہ دفاعی معاہدہ کا جشن منا رہا ہے، مکہ دفاعی معاہدہ امن، سلامتی اور استحکام کی جانب ایک تاریخی سنگ میل ہے، پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب اپنے دفاع کے حوالے سے ایک معاہدہ کے تحت آگے بڑھیں گے، پاکستان کو محافظ حرمین شریفین کا اعزاز بھی حاصل ہے، پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کا دفاعی معاہدہ تینوں ملکوں کے مفاد میں ہے، مکہ دفاعی معاہدہ امن وسلامتی کے لئے ہے، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی قیادت میں مشترکہ وژن حقیقت کے روپ میں بدلا ہے، تینوں ملکوں کے درمیان معاہدے پر وزیراعظم کا دستخط کرنا باعث اعزاز ہے۔ وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدہ خوش آئند ہے، معاہدہ تینوں ملکوں کے مفاد میں ہے، معاہدہ تینوں ملکوں کے عوام کے تحفظ کا ضامن ہے، ایک ملک پر حملہ تینوں ملکوں پر حملہ تصور ہوگا۔ وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ نے کہا کہ تاریخی معاہدے سے امن کی راہیں ہموار ہوئیں، اپنی سیاسی وعسکری قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہیں، ان کی کوششوں سے یہ معاہدہ ممکن ہوا، دفاعی معاہدے سے پاکستان کا وقار دنیا میں بلند ہوا۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اس معاہدے سے خطے میں دائمی امن کی بنیاد رکھی گئی ہے، معاہدے سے تینوں ممالک کے باہمی تعلقات مزید مضبوط ہوں گے، یہ معاہدہ مسلم امہ کے لئے تاریخی لمحہ ہے، تاریخی معاہدہ ہماری قیادت کے وژن کا عکاس ہے۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ ترکیہ، سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان دفاعی معاہدہ مسلم امہ کے مفاد میں ہے، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کاوشوں سے یہ معاہدہ ممکن ہوا۔ وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ نواز شریف نے ملک کو ایٹمی قوت بنایا، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل نے ملک کے دفاع کو مضبوط کیا، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی معاہدہ امت مسلمہ کے اتحاد کی جانب اہم قدم ہے۔ وزیر مملکت طلال چوہدری نے کہا کہ مکہ باہمی دفاعی معاہدہ امن، سلامتی اور استحکام کی جانب اہم قدم ہے، معاہدے سے امت مسلمہ کو نئی امید ملی ہے، تاریخی معاہدے کے بعد پاکستان کی اہمیت دنیا میں مزید بڑھ گئی ہے۔ وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا کہ مکہ کی مقدس زمین پر تاریخی معاہدہ ہونا پاکستان کے لئے اعزاز ہے، برادر اسلامی ملکوں کے درمیان معاہدے سے امن کی نئی راہیں ہموار ہوں گی، یہ معاہدہ مسلم امہ کے اتحاد کی بنیاد ہے، مکہ کی مقدس سرزمین پر تاریخی معاہدہ ہونا پاکستان کے لئے باعث اعزاز ہے، برادر اسلامی ملکوں کے درمیان معاہدے سے امن کی نئی راہیں ہموار ہوں گی، مکہ باہمی دفاعی معاہدے کے لئے وزیراعظم، فیلڈ مارشل کی کاوشیں قابل تحسین ہیں، معاہدے سے اسلامی ملکوں کی ترقی وخوشحالی کا نیا دور شروع ہوگا۔ وزیر مواصلات علیم خان نے کہا کہ معاہدے کو ممکن بنانے میں وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے کلیدی کردار ادا کیا، معاہدے پر پوری پاکستانی قوم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ وزیر مملکت وجیہہ قمر نے کہا کہ ترکیہ، پاکستان، سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدہ پوری امت مسلمہ کیلئے خوشی اور فخر کا باعث ہے، تینوں ملکوں کی قیادت نے فیصلہ کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ مضبوط قیادت اقوام کو قریب لاتی ہے، معاہدے کے تحت کسی ایک رکن پر حملہ تینوں ممالک پر حملہ تصور ہوگا، آج ہم فخر اور عاجزی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں۔ مذہبی امور کے وزیر مملکت کھیل داس کوہستانی نے کہا کہ مکہ مکرمہ کی مقدس سرزمین پر نئی تاریخ رقم ہوئی ہے، یہ معاہدہ مسلم امہ کے لئے غیر معمولی فخر کا لمحہ ہے، اس عظیم کامیابی پر وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی محنت، خلوص اور بہترین قیادت کا نمایاں کردار ہے، پاکستان کی اقلیتی برادری دونوں رہنماؤں کو مبارکباد اور خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ دانیال چوہدری نے کہا کہ دفاعی معاہدہ پاکستان کے لئے بڑا سنگ میل ہے، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کاوشوں سے آج پاکستان کی عزت اور وقار میں اضافہ ہوا ہے، اس معاہدے سے خطے میں امن اور استحکام آئے گا، پاکستان ہر آنے والے دن میں مضبوط اور طاقتور ہوگا۔ سینیٹر روبینہ خورشید عالم نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے عوام اور سیاسی وعسکری قوتوں کو دفاعی معاہدہ پر مبارکباد پیش کرتی ہوں، پاکستان کی سیاسی وعسکری لیڈرشپ نے ہمیشہ پاکستان کا نام روشن کیا، ہمیں پاکستان کے لئے مضبوطی کے ساتھ جڑے رہنا ہے۔ علامہ طاہر اشرفی نے کہا کہ اس معاہدے کا بنیادی مقصد تینوں ممالک کے دفاع اور سلامتی کو مضبوط بنانا ہے۔ سیدہ نوشین افتخار نے کہا کہ مکہ مکرمہ کی پاک سرزمین پر سہ فریقی دفاعی معاہدہ لائق تحسین ہے، اس معاہدے کی کامیابی کا سہرا وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو جاتا ہے۔

بقیہ 02

اور امن کے لیے ایک اہم سنگ میل بھی ہے۔ معاون محکمہ داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی کا کہنا تھا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا یہ دفاعی تعاون اس بات کا واضح اظہار ہے کہ تینوں برادر ممالک اپنی خودمختاری، قومی سلامتی اور علاقائی امن کے تحفظ کے لیے ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مضبوط دفاعی صلاحیت، ترکیہ کی جدید دفاعی ٹیکنالوجی اور سعودی عرب کی معاشی وسفارتی اہمیت تینوں ممالک کو ایک منفرد اور مضبوط شراکت داری فراہم کرتی ہے۔ یہ تعاون خطے میں طاقت کے توازن، امن اور استحکام کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ اس معاہدے کو کسی ملک کے خلاف محاذ آرائی کے طور پر نہیں دیکھا جانا چاہیے بلکہ یہ تینوں ممالک کے دفاع، خودمختاری اور باہمی سلامتی کے عزم کا مظہر ہے۔ مضبوط دفاع دراصل پائیدار امن کی بنیاد بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا ایک دوسرے کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑا ہونا پوری دنیا کے لیے ایک واضح پیغام ہے کہ برادر ممالک اپنے مشترکہ مفادات، امن اور سلامتی کے لیے متحد ہیں۔ یہ معاہدہ پاکستان کے لیے ایک قابل فخر سفارتی اور دفاعی پیش رفت ہے۔ ہمیں اپنی بہادر مسلح افواج، اپنی قومی قیادت اور اپنے برادر ممالک سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ اس مضبوط شراکت داری پر فخر ہے۔ یہ اتحاد خطے میں امن، استحکام اور باہمی تعاون کے ایک نئے دور کی بنیاد بن سکتا ہے۔

بقیہ 03

نمائندوں کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے صدر مسعود پزشکیان کا کہنا تھا کہ امریکا اسلام آباد مفاہمتی یادداشت اور ایران وعمان کی جانب سے مشترکہ تیار کردہ نکات پر عمل کرنے کا پابند تھا مگر واشنگٹن نے ایسا نہیں کیا اسی لیے ہمیں اپنا ردعمل دینا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ اس صورتحال سے نبرد آزما ہونے کے لیے خصوصی ٹیم کی ضرورت ہوتی ہے اور ہماری ٹیم اس بحران پر اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہیں، اور پر امید ہیں کہ ایران اپنے وقار، عزم اور فخر کے معیار کے ساتھ آگے قدم بڑھائے گا۔ ایرانی صدر نے پریس کانفرنس میں واشگاف الفاظ میں امریکا کو مجرم اور استعماری حکومت قرار دیتے ہوئے کہا کہ امریکا کے خلاف ہماری پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی قوم باخبر رہتے ہوئے کہا امریکا اور اسرائیل کا گٹھ جوڑ جنگ کے ذریعے تہران کو جھکنے پر مجبور نہیں کر سکا ہے اسی لیے اب وہ مذموم مقاصد کی تکمیل کے لیے ایرانی قوم میں تقسیم اور تنازعات کو ہوا دے کر اسے ہتھیار کے طور پر استعمال کرنا چاہتے ہیں جس سے ایرانی قوم کو خبردار رہنا ہوگا۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے مزید کہا کہ قوم کو اس مرحلے پر اتحاد کی ضرورت ہے ہمیں اپنی سلامتی اور دفاعی صلاحیتوں کے تحفظ کے لیے باہم ایک ہونا ہوگا۔

بقیہ 04

انہوں نے کہا کہ پارلیمانی جمہوریت ریاست پاکستان کا اساس ہے جس کا واضح ثبوت یہ ہے کہ پارلیمان پاکستان 10 اگست کو معرض وجود میں آیا جبکہ مملکت پاکستان کا قیام اسی پارلیمان میں 14 اگست 1947 کو ہوا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور پارلیمانی روایات کا فروغ، قومی یکجہتی، ملکی استحکام، پائیدار ترقی اور عوامی خوشحالی کی ضمانت ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار دستور ساز اسمبلی کے قیام کی 79 ویں سالگرہ کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ 10 اگست 1947 کو کراچی میں منعقد ہونے والا دستور ساز اسمبلی کا پہلا اجلاس بانیان پاکستان کے جمہوری وژن کی عملی تعبیر تھا، جس نے آئین سازی، قانون سازی اور پارلیمانی نظام کی بنیاد رکھ کر ایک جدید، جمہوری ریاست کی تشکیل کی راہ ہموار کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ تاریخی دن ہمیں آئینی اداروں کے احترام، جمہوری اقدار کے فروغ اور عوامی نمائندگی کے تقدس کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی اداروں میں موثر کردار ادا کرنے کے لئے نوجوان نسل کو پاکستان کے آئینی ارتقا، پارلیمانی تاریخ اور جمہوری روایات سے روشناس کرانا ضروری ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پارلیمان عوام کی امنگوں کا ترجمان ادارہ ہے، جو موثر، بروقت اور عوام دوست قانون سازی کے ذریعے عوام کو درپیش مسائل کا حل یقینی بناتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ پارلیمان قانون سازی کو مزید موثر بنانے اور پارلیمانی کارروائی میں شفافیت کے فروغ کے لیے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے۔ انہوں نے تمام سیاسی قوتوں پر زور دیا کہ وہ قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے باہمی احترام، مکالمے، برداشت اور اتفاق رائے کی پارلیمانی روایت کو فروغ دیں۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ مضبوط جمہوری ادارے ہی قومی استحکام اور ترقی کی بنیاد ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک فعال پارلیمان مضبوط اور خوشحال پاکستان کی ضامن ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ عوام تک معلومات کی بروقت رسائی، ادارہ جاتی استعداد کار میں اضافے اور پارلیمانی امور میں جدت لانے کے لیے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور ڈیجیٹل نظام متعارف کرائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو آئین، پارلیمانی امور، قواعد وضوابط اور قانون سازی کے عمل سے روشناس کرانے کے لیے قومی اسمبلی کا انٹرن شپ پروگرام کامیابی سے جاری ہے، جو نوجوانوں میں جمہوری شعور کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے مزید کہا کہ پاکستان کی پارلیمان 2015 سے مکمل طور پر شمسی توانائی پر منتقل ہو چکی ہے، جو ماحول دوست پالیسیوں، توانائی کے موثر استعمال اور پائیدار ترقی کے قومی وژن سے اس کے عملی عزم کا مظہر ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پارلیمان آئین کے تحفظ، قانون کی حکمرانی، جمہوری اقدار کے فروغ اور عوامی فلاح وبہبود کے لیے اپنی آئینی ذمہ داریاں خلوص اور ذمہ داری کے ساتھ ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ قومی ترقی، سیاسی استحکام اور عوامی خوشحالی کے اہداف صرف مضبوط جمہوری اداروں، موثر قانون سازی، آئین کی بالادستی اور قومی اتفاق رائے کے ذریعے ہی حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے کہا کہ دستور ساز اسمبلی کے قیام کی سالگرہ بانیان پاکستان کے جمہوری وژن، آئینی اصولوں اور عوامی خدمت کے عزم کی تجدید کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان وفاق کی علامت، قومی وحدت کا مظہر اور عوام کی اجتماعی آواز ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ موثر قانون سازی، شفاف طرز حکمرانی اور مضبوط جمہوری ادارے ایک مستحکم، پرامن اور خوشحال پاکستان کی بنیاد ہیں، اور پارلیمان اس قومی مقصد کے حصول کے لیے اپنی آئینی ذمہ داریاں بھرپور طریقے سے ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 05

ڈار نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے سے متعلق اہم نکات کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کے درمیان 7 اگست 2026 کو مکہ مکرمہ میں طے پایا۔ معاہدہ تینوں برادر ممالک کے درمیان گہرے دوستانہ اور برادرانہ تعلقات کا عکاس ہے۔ مکہ معاہدہ کئی سالوں سے جاری مشاورت اور باہمی تعاون کا نتیجہ ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ معاہدے کا مقصد امن وسلامتی کے چیلنجز سے نمٹنے اور خطے میں استحکام وخوشحالی کو فروغ دینا ہے۔ مکہ معاہدہ کسی بھی موجودہ دوطرفہ یا کثیرالجہتی معاہدے کو ختم یا منسوخ نہیں کرتا۔ تینوں ممالک میں سے کسی پر بیرونی مسلح حملہ تینوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ معاہدہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 کے تحت انفرادی اور اجتماعی دفاع کے حق سے ہم آہنگ ہے۔ مکہ معاہدہ خالصتاً دفاعی نوعیت کا ہے اور کسی ملک کے خلاف نہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ معاہدے کا مقصد خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششوں کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ معاہدہ خطے کے ان ممالک کے لیے بھی کھلا ہے جو اس کے بنیادی اصولوں کی پاسداری کریں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ اختلافات کو باہمی احترام، تعاون اور پرامن ذرائع سے حل کرنا معاہدے کے بنیادی اصولوں میں شامل ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان خطے کے تمام برادر ممالک کے ساتھ پائیدار امن اور استحکام کے لیے تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ مکہ معاہدہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی اصولوں سے ہم آہنگ ہے۔

بقیہ 06

اور فتنہ الخوارج کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف برسرپیکار سکیورٹی فورسز کے بہادر جوان قوم کا فخر ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ ان شاءاللہ قوم کی حمایت سے بلوچستان سے فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔

بقیہ 07

کی وصولی کے طریقہ کار کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ سرکاری اسکیم کی درخواستیں اگست کے تیسرے ہفتے سے وصول کی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق سرکاری اسکیم کے اخراجات تین طریقوں سے جمع کیے جائیں گے۔ عازمین ون لنک یا پی ایس آئی ڈی اور کریڈٹ کارڈ کے ذریعے رقوم جمع کرا سکیں گے۔ آن لائن چالان حاصل کر کے نقد رقم بھی جمع کرائی جا سکے گی۔ بیرون ملک مقیم پاکستانی جدید ڈیجیٹل نظام کے ذریعے درخواستیں اور واجبات جمع کرا سکیں گے۔ تمام رقوم اور درخواستیں صرف حبیب بینک کے ذریعے وصول کی جائیں گی۔ حج اخراجات دو مساوی اقساط میں وصول کیے جائیں گے۔ پہلی قسط میں نصف رقم اور بقیہ دوسری قسط میں ادا کرنی ہوگی۔ صرف پہلے سے رجسٹرڈ عازمین ہی درخواستیں اور واجبات جمع کرا سکیں گے۔ سرکاری حج کی درخواستیں پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر وصول ہوں گی اور کوٹہ مکمل ہوتے ہی مزید درخواستوں کی وصولی روک دی جائے گی۔ سرکاری اسکیم میں لانگ اور شارٹ حج دونوں کے لیے درخواستیں قبول کی جائیں گی۔ نجی اسکیم کے لیے بھی درخواستوں اور واجبات کی وصولی کی حکمت عملی حتمی کر دی گئی ہے۔ نجی اسکیم کے عازمین ون لنک یا پی ایس آئی ڈی یا کریڈٹ کارڈ کے ذریعے حج اخراجات جمع کرا سکیں گے۔ حج 2027 کا مجموعی کوٹہ ایک لاکھ 79 ہزار 210 مقرر کیا گیا ہے۔ اس میں سرکاری اسکیم کے لیے 60 فیصد کوٹہ مختص ہے جس کے تحت ایک لاکھ 7 ہزار 526 عازمین فریضہ حج ادا کر سکیں گے جبکہ نجی اسکیم کے لیے 40 فیصد کوٹہ رکھا گیا ہے جس سے 71 ہزار 684 عازمین مستفید ہو سکیں گے۔ وزارت مذہبی امور کے ذرائع نے بتایا کہ ڈیجیٹل نظام کے تحت حج واجبات کی ادائیگی مزید آسان، تیز اور محفوظ بنائی گئی ہے۔ حج درخواست سے لے کر واجبات کی ادائیگی تک کے تمام مراحل جدید اور شفاف نظام کے تحت مکمل کیے جائیں گے۔

بقیہ 08

لیں۔ ملاقاتوں کے دوران ملک کی سیاسی ومعاشی صورتحال، امن وامان، قومی ترقی اور خطے میں ہونے والی اہم پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے درمیان طے پانے والے مکہ دفاعی معاہدے کو خطے اور عالمی امن واستحکام کے لیے اہم اور تاریخی پیش رفت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کے فروغ کے ساتھ مسلم دنیا میں باہمی اتحاد، اعتماد اور اجتماعی سلامتی کو مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ موجودہ عالمی حالات میں سکیورٹی چیلنجز کسی ایک ملک تک محدود نہیں، اس لیے مشترکہ تعاون اور باہمی مشاورت وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن، استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے اپنا موثر کردار ادا کر رہا ہے۔ موجودہ سیاسی وعسکری قیادت کی مدبرانہ حکمت عملی کے باعث دہشت گردی کے خاتمے اور ملک میں امن وامان کے قیام کے لیے موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ حکومت عوام کی فلاح وبہبود، معاشی استحکام اور ملکی ترقی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ قومی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سیاسی استحکام، قومی یکجہتی اور اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان قدرتی وسائل اور معدنی دولت سے مالا مال ہے۔ بلوچستان، خیبر پختونخوا اور ملک کے دیگر علاقوں میں موجود معدنی وسائل کو موثر پالیسی سازی، سرمایہ کاری اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ملکی معیشت کی مضبوطی اور عوام کی خوشحالی کے لیے بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ یہ وقت سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے متحد ہونے کا ہے۔ قومی قیادت، سیاسی جماعتوں، کاروباری طبقے، سول سوسائٹی اور دیگر طبقات کی مشترکہ کوششوں سے پاکستان کو درپیش چیلنجز پر قابو پا کر ملک کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 09

ایس ای او سیٹ ستمبر سے شروع ہوگی۔

بقیہ 10

ہے۔ نواز شریف نے ملک کو ایٹمی قوت بنا کر ناقابل تسخیر بنایا۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا ایران امریکا جنگ کے دوران پاکستان خطے میں امن اور تحفظ کا ضامن بن کر سامنے آیا، مکہ مشترکہ معاہدے پر پوری قوم کو فخر ہے، سعودیہ کی معاشی قوت، ترکیے کی ترقی اور پاکستان کی دفاعی صلاحیت اہم کردار ادا کرے گی۔ علی پرویز ملک کا کہنا تھا پاکستان کی مسلح افواج کی مہارت اور صلاحیتوں کی پوری دنیا گواہ ہے، ایران امریکا جنگ کے دوران معاشی سطح پر چیلنجز کا سامنا رہا، لیکن وزیراعظم شہباز شریف نے مشکل فیصلے لیتے ہوئے ملک کو ترقی کی راہ پر ڈالا، اگلی منزل معاشی میدان میں کامیابیاں ہیں۔ وزیر پیٹرولیم کا کہنا تھا محدود وسائل کے باوجود حکومت نے عوام کو ریلیف دینے اور تیل کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کی پوری کوشش کی، پیٹرول آج بھی مہنگا ہے لیکن پیٹرول کی قلت کہیں آنے نہیں دی، ہمسایہ ممالک میں شناختی کارڈ دکھا کر 2 لیٹر پیٹرول دیا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ ترکش پیٹرولیم پاکستان کے سمندروں میں آف شور ڈرلنگ کرنے جا رہی ہے، اس کے بعد ایک بڑی سرمایہ کاری آئے گی۔

بقیہ 11

کی دوپہر 2 بجے کے بعد تمام موبائل کمپنیوں کے موبائل سگنلز سروس مکمل طور پر معطل کر دی گئی اور موبائل ڈیٹا بھی بند کر دیا گیا جس کی وجہ سے میڈیا سمیت کاروباری حضرات کے علاوہ تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ کوئٹہ میں سکیورٹی ہائی الرٹ ہونے کے بعد سکیورٹی کے پیش نظر ایف سی اور پولیس کی جانب سے ناکے لگا کر گاڑیوں کی چیکنگ شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 12

پارٹی کی جانب سے تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر کی والدہ محترمہ کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے غم کی گھڑی میں بیرسٹر گوہر ان کے اہل خانہ اور تمام غم زدہ سوگواران سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ عظیم صدمہ صبر وحوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ 13

گیا ہے برست پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کی قیادت کی تصاویر، پرچم بینرز اور ڈیجیٹل اسکرینز پر نمایاں ملک بھر کی ڈیجیٹل اسکرینز پر امن، سلامتی اور استقامت کا خوبصورت اور پرامن ٹیگ لائن نظر آ رہا ہے۔ مکہ باہمی دفاعی معاہدہ کا تاریخی سنگ میل طے پانے پر ملک بھر میں جوش وخروش اور جشن آزادی کی رونق مزید بڑھ گئی۔

بقیہ 14

رہنے والے تفصیلی مذاکرات کے بعد طے پایا ہے۔ ایکس اکاؤنٹ پر پوسٹ میں لکھا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا مقصد تینوں بانی ممالک کی مشترکہ دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانا، دفاعی تیاری بڑھانے کے ساتھ سٹریٹجک دفاعی صلاحیتوں کو ترقی دینا اور ان کی سلامتی اور علاقائی سالمیت کو درپیش کسی بھی خطرے کا مشترکہ طور پر مقابلہ کرنے کے لیے تعاون کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ معاہدے کا مقصد کسی بھی فوجی اتحاد یا فرقہ وارانہ یا مسلکی بلاک کے قیام کی جانب کوئی پیش رفت نہیں ہے اور نہ ہی اس کا تعلق جوہری عزائم یا خطے میں اسلحے کی دوڑ سے ہے، بلکہ اس کا مقصد پائیدار خود انحصار صلاحیتوں کی ترقی ہے۔ ڈاکٹر رائد قرملی نے کہا کہ یہ معاہدہ خلیجی، عرب اور بین الاقوامی سطح پر سعودی عرب کے مضبوط اور سٹریٹجک تعلقات کی قیمت پر نہیں ہے اور نہ یہ خطے کے کسی بھی ملک کی سلامتی کے لیے خطرہ ہے اور نہ ہی کسی دو ممالک کے درمیان کشیدگی میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔

بقیہ 15

ہے اور ممکنہ بڑے نقصان کا سامنا ہے۔ گہرت کول میں ملبہ جمع ہونے کے باعث دریائے چترال کا قدرتی بہاؤ متاثر ہو گیا ہے، جس کے نتیجے میں دریا نے عارضی جھیل اور ڈیم کی شکل اختیار کر لی ہے۔ پانی کی سطح بلند ہونے سے دریائے چترال کے کنارے آباد دیہات کو شدید خطرات لاحق ہو گئے ہیں، جبکہ بیری شار، گہرت اور دیگر علاقوں میں دریائی کٹاؤ میں تیزی آ گئی ہے۔ سیلابی پانی کے باعث زرعی اراضی مسلسل دریا برد ہو رہی ہے اور متعدد رہائشی مکانات بھی دریائی کٹاؤ کی زد میں آ گئے ہیں۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ گہرت گول کے مقام پر عارضی ڈیم کے باعث پانی کی سطح مزید بلند ہونے کا خدشہ ہے، جس سے بڑے پیمانے پر جانی ومالی نقصان کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ اہل علاقہ نے مطالبہ کیا ہے کہ ممکنہ نقصان سے قبل ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرتے ہوئے دریائے چترال کا قدرتی بہاؤ فوری بحال کیا جائے۔ متعلقہ اداروں اور ضلعی انتظامیہ کے دورے جاری ہیں، تاہم عملی اقدامات نہ ہونے پر مقامی آبادی میں تشویش پائی جاتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر دریا کا بہاؤ جلد بحال نہ کیا گیا تو مزید زرعی زمینیں اور مکانات دریا برد ہونے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 16

دفاعی معاہدہ اتحاد امت کی جانب اہم پیش رفت، ایران ودیگر اسلامی ممالک کو بھی شامل کیا جائے۔ سولہ اگست کو چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں پٹرولیم لیوی، آئی پی پیز مافیا اور اشرافیہ کی مراعات وعیاشیوں کے خلاف دھرنے ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے المرکز اسلامی پشاور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع امیر جماعت اسلامی خیبر پختونخوا وسطی عبدالواسع، جنرل سیکرٹری صابر حسین اعوان، امیر پشاور بحر اللہ ایڈووکیٹ، نائب امیر صہیب الدین کاکا خیل، ڈائریکٹر میڈیا سیل خیبر پختونخوا وسطی احمد فرقان خلیل، ترجمان خیبر پختونخوا وسطی نور الواحد جدون اور صدر الخدمت فاؤنڈیشن خیبر پختونخوا وسطی وجنوبی خالد وقاص چمکنی بھی اس موقع پر موجود ہیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو امن کی فراہمی حکمرانوں کی اولین ذمہ داری ہے، عوام کو وسائل، معدنیات پر ان کا حق ملنا چاہیے، نوجوانوں کو روزگار ملے گا تو مسائل کے حل کی جانب مثبت پیش رفت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان افغانستان تجارت کی معطلی سے دونوں ممالک کے تاجر بے حد پریشان ہیں، سرحدی تجارت کو کھولا جائے، سٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے پاک افغان سرحدی تجارتی زون بننا چاہیے۔ اسلام آباد اور کابل معاملات کو بات چیت سے حل کریں، افغان سرزمین کسی صورت پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہونی چاہیے۔ امیر جماعت اسلامی نے دونوں ممالک کے طلبا کو آسان سفری سہولتیں دی جائیں، پاک افغان حکومتوں کے تعلقات میں خرابی سے دونوں ممالک کے عوام، تاجر اور طلبا متاثر ہو رہے ہیں، تعلقات کی بحالی کے لیے سعودی عرب، ترکیہ کی مدد بھی لی جا سکتی ہے۔ انہوں نے افغانستان سے میڈیکل کی ڈگری حاصل کرنے والے پاکستانی طلبا کو پی ایم ڈی سی کی جانب سے منظور نہ کرنے کی مذمت کی اور مطالبہ کیا کہ ان کی ڈگری کو منظور کیا جائے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ وادی تیراہ سے لوگوں کو ایک ماہ کے لیے نکالا گیا اور ان سے وعدہ کیا گیا کہ ایک ماہ میں آپریشن کے مکمل ہونے کے بعد ان کی گھروں کو واپسی ہو جائے گی جو کئی ماہ گزرنے کے بعد تاحال نہیں ہو سکی۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ جمعہ کے احتجاج میں عوام کی بھرپور شرکت نے ثابت کر دیا کہ لوگ موجودہ فارم سنتالیس کے نااہل حکمرانوں سے تنگ آ چکے ہیں، حکمران اشرافیہ اور مختلف مافیاز ریاست سے سالانہ سترہ ارب ڈالر کی مراعات حاصل کرتے ہیں، آئی پی پیز کو گزشتہ چار برسوں میں اتنی رقم بجلی نہ بنانے کی مد میں دی گئی جتنی بجلی بنانے پر خرچ نہیں ہوئی، پٹرولیم لیوی پر غریب عوام سے آٹھ ہزار ارب بھتہ وصول کیا جا چکا ہے، حکمرانوں نے جنگی حالات کے دوران پٹرول کو آمدنی کا ذریعہ بنایا۔ عوام پر ظلم کا یہ سلسلہ بند ہونا چاہیے، جماعت اسلامی ذاتی مفاد کے لیے نہیں عوام کے حق کے لیے احتجاج کر رہی ہے، سولہ اگست کو وزیراعلیٰ ہاؤس پنجاب اور کے پی، سندھ اور بلوچستان کے گورنر ہاؤسز کے باہر دھرنے ہوں گے۔ خیبر پختونخوا کے نوجوانوں کو خصوصی اپیل کرتا ہوں کہ احتجاج میں بھرپور شرکت کریں۔ انہوں نے کہا کہ دھرنوں پر پی ٹی آئی، اے این پی اور دیگر اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے حمایت پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے مابین دفاعی معاہدہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے اتحاد امت کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا اور کہا کہ اس معاہدہ میں ایران، ملائیشیا، انڈونیشیا اور دیگر اسلامی ممالک کو بھی شامل کیا جائے تاکہ دشمنوں کی سازشوں کا بھرپور طریقے سے مقابلہ کیا جا سکے۔

بقیہ 17

بھر کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں تقریبات منعقد ہوں گی۔ دن کا آغاز مساجد میں تحریک آزادی کے شہداء کیلئے قرآن خوانی سے ہوگا جبکہ ملک وقوم کی سلامتی، ترقی وخوشحالی اور وطن کی حفاظت کیلئے سرحدوں پر تعینات پاک فوج کے جوانوں کیلئے خصوصی دعائیں مانگی جائیں گی۔ مزار قائد اور مزار اقبال پر گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقریبات منعقد ہوں گی سرکاری ونجی عمارتوں، گھروں پر قومی پرچم لہرائے جائیں گے اور کشمیری مسلمانوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا جائے گا جبکہ مارکیٹوں اور گلیوں بازاروں کو رنگ برنگی جھنڈیوں سے سجایا جائے گا عمارتوں کو برقی قمقموں سے سجایا جائے گا پرچم کشائی کی تقریبات منعقد ہوں گی جہاں جشن آزادی کے سلسلے میں سب سے بڑی تقریب میونسپل کمیٹی کے سبزہ زار میں ہوگی جہاں پرچم کشائی اور پنجاب پولیس کا مارچ پاسٹ ہوگا۔ جشن آزادی کے سلسلے میں بچوں، مرد وخواتین میں بے پناہ جوش وخروش پایا جاتا ہے ملک بھر کے تمام شہروں میں گلی محلوں اور بازاروں کو رنگ برنگی جھنڈیوں سے سجایا گیا ہے تمام شہروں میں قومی پرچم، جھنڈیوں، بیجز وغیرہ کی خرید عروج پر پہنچ چکی ہے جبکہ پولیس کی جانب سے سخت ترین حفاظتی اقدامات کیے گئے ہیں۔

بقیہ 18

مطابق روسی فوج کے سینٹر گروپ کے یونٹس نے فعال پیش قدمی کے نتیجے میں ایوانوکا پر کنٹرول قائم کیا۔ روسی وزارت دفاع نے اپنی یومیہ بریفنگ میں بتایا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف محاذوں پر روسی فوجی گروپوں کی کارروائیوں میں یوکرین کے تقریباً 1,375 فوجی اہلکاروں کا نقصان ہوا۔ وزارت کے مطابق سینٹر گروپ کے علاقے میں یوکرین کو 240، ویسٹ گروپ کے محاذ پر 210 سے زائد، ساؤتھ گروپ کے علاقے میں 210، سینٹر گروپ کے محاذ پر 335 سے زائد، ایسٹ گروپ کے علاقے میں 350 سے زائد جبکہ دنیپر گروپ کے محاذ پر 30 اہلکاروں کا نقصان ہوا۔ روسی وزارت دفاع کے مطابق روسی فضائی دفاع نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران چار گائیڈڈ فضائی بم، امریکی ساختہ HIMARS کا ایک راکٹ، چیک ساختہ Vampire ملٹی پل راکٹ لانچر کا ایک راکٹ، آٹھ طویل فاصلے تک مار کرنے والے Flamingo کروز میزائل اور 828 ڈرونز مار گرائے۔ وزارت دفاع کا کہنا ہے کہ اسی دوران روسی فضائیہ، حملہ آور ڈرونز، میزائل فورسز اور توپ خانے نے یوکرین میں 157 مقامات کو نشانہ بنایا، ان میں لاجسٹک مراکز، ایندھن وتوانائی اور ٹرانسپورٹ کا بنیادی ڈھانچہ، حملہ آور ڈرونز اور ان کے پرزوں کے ذخیرہ کرنے کے مراکز، جبکہ یوکرینی فوجی دستوں اور غیر ملکی جنگجوؤں کے عارضی تعیناتی کے مقامات شامل تھے۔ روسی وزارت دفاع کے مطابق نشانہ بنائے گئے ٹرانسپورٹ، توانائی اور لاجسٹک مراکز یوکرین کے مفاد میں استعمال کیے جا رہے تھے۔

بقیہ 19

بندش کے نئے اوقات کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار کے دفتر سے جاری اعلامیے کے مطابق عوام کی جان ومال اور تاجر برادری کے تحفظ کیلئے عارضی احتیاطی اقدام اٹھایا گیا ہے۔ نئے حکم کے تحت ضلع خضدار کے تمام بازار، دکانیں، ہوٹل اور دیگر تجارتی ادارے روزانہ رات 8 بجے سے صبح 10 بجے تک بند رہیں گے۔ یہ حکم فوری طور پر نافذ العمل ہے اور اگلے احکامات تک برقرار رہے گا۔ اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ فارمیسی، میڈیکل اسٹورز اور نجی ہسپتالوں سمیت تمام صحت کی سہولیات کو ان کی ضروری نوعیت کے باعث اس پابندی سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ خضدار نے اسسٹنٹ کمشنرز، مجسٹریٹس، پولیس کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں اس حکم پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں۔ اس موقع پر تاجر برادری اور عوام سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ انتظامیہ سے تعاون کریں تاکہ ممکنہ سیکیورٹی خطرات کو کم کیا جا سکے اور شہریوں کی جان ومال کا تحفظ ممکن بنایا جا سکے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد ہی اس حکم میں ردوبدل کیا جائے گا۔

بقیہ 20

سرے روز بھی جاری ہے، ٹرانسپورٹ اڈوں سے گاڑیوں کی روانگی مکمل طور پر معطل ہے۔ ٹرانسپورٹرز نے مطالبات کی منظوری تک غیر معینہ مدت کے لیے ہڑتال جاری رکھنے کا اعلان کر رکھا ہے، ٹرانسپورٹرز نے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر ردوبدل کو مسترد کرتے ہوئے اسے کاروبار کیلئے نقصان دہ قرار دیا ہے۔ ٹرانسپورٹرز کا مطالبہ ہے کہ منسوخ کیے گئے 7 ہزار 500 گاڑیوں کے لائسنس بحال کیے جائیں اور اضافی ٹیکسز واپس لیے جائیں، انہوں نے ٹریفک جرمانوں اور مختلف ٹریفک قوانین پر بھی اعتراضات اٹھاتے ہوئے حکومتی اقدامات پر تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ ہڑتال کے باعث مال بردار گاڑیوں کی نقل وحرکت متاثر ہونے سے سامان کی ترسیل کا نظام بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے، ٹرانسپورٹرز نے واضح کیا ہے کہ مطالبات تسلیم ہونے تک ہڑتال ختم نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 21

کا نام نہیں، بلکہ اپنی ذمہ داریاں ایمانداری، خلوص اور لگن سے نبھانے کا نام ہے۔ یوم آزادی اپنے بزرگوں کی قربانیوں، جدوجہد اور آزادی کے عظیم سفر کو یاد کرنے کا دن ہے یوم آزادی پر پوری قوم اپنے اسلاف کی قربانیوں کو سلام اور تجدید عہد پیش کر رہی ہے پاکستان کے 79ویں یوم آزادی کے موقع پر شہریوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگرچہ ہمارے شعبے اور پیشے مختلف ہیں لیکن ہمارا مقصد ایک ہے، وطن عزیز کی ترقی اور خدمت اس یوم آزادی پر ہم عہد کرتے ہیں کہ اپنی محنت، علم اور دیانت داری سب پاکستان کے نام، وطن سے محبت صرف جذبات کا نام نہیں، بلکہ اپنی ذمہ داریاں ایمانداری، خلوص اور لگن سے نبھانے کا نام ہے۔ شہریوں نے کہا کہ قربانیوں کی یہ میراث سنبھالے، نوجوان نسل پاکستان کو مزید مضبوط اور روشن بنانے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 22

کا حسین سنگم اس بات کا خوبصورت مظاہرہ ہے کہ بلوچستان کا رنگ، سر اور ہر بول پاکستان کی سلامتی اور بقا کے لیے دھڑکتا ہے ملی نغمہ میں اس عزم کا اظہار ہے کہ ہمارا پیارا پاکستان صرف ایک جغرافیہ نہیں بلکہ ہماری پہچان ہے جس کے لیے جان بھی قربان ہے ملی نغمہ میں پاک وطن سے محبت کی یہ گونج ملک کے کونے کونے میں اتحاد، یکجہتی اور بھائی چارے کا روشن پیغام عام کرتی ہیں روح کو گرما دینے والا جذبہ اختر چنال کے سحر انگیز اور والہانہ انداز بیان نے اس حقیقت کو دوبارہ زندہ کر دیا ہے کہ پاکستان کی محبت ہر وادی، ہر بولی اور ہر دل میں یکساں موجزن ہے۔

بقیہ 23

یاں بھی انجام دیں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تحقیقاتی اداروں کے نمائندے بھی انکوائری کمیٹی کا حصہ ہوں گے اور واقعہ کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔ کمیٹی اسامہ جنگ کو دی جانے والی دھمکیوں، اہل خانہ کے قتل اور اس سے متعلق دیگر معاملات کی تحقیقات کر کے 15 روز کے اندر اپنی رپورٹ حکومت بلوچستان کو پیش کرے گی۔ خیال رہے کہ چند دن پہلے اسامہ جنگ نے اپنی اور اہل خانہ کی جان کے تحفظ کے لیے قرآن پاک اٹھا کر ویڈیو بنائی تھی، جس کے کچھ ہی گھنٹے بعد ان کے والد کو قتل کر دیا گیا۔

بقیہ 24

اطلاع پر مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر ملزم کو گرفتار کر لیا، زیر حراست ملزم نے جرم کا اعتراف کر لیا۔ تھانہ سیت پور پولیس نے ملزم کے خلاف زیر دفعہ 376 ت پ اور 511 ت پ کے تحت مقدمہ درج کر لیا۔

بقیہ 25

نے سے امیگریشن میں تاخیر نہیں ہوگی اور مسافروں کو سہولت ملے گی۔ انہوں نے مسافروں کو امیگریشن کے عمل کو تیز کرنے کی یقین دہانی بھی کروائی۔ ایک مسافر کی جانب سے ایجنٹ کے رقم لینے کی شکایت پر وزیر داخلہ نے موقع پر ہی نوٹس لیا، کیس ڈائریکٹر ایف آئی اے کے سپرد کرتے ہوئے ایجنٹ کی گرفتاری کا حکم دیا۔ وزیر داخلہ نے ہدایت کی کہ نامکمل سفری دستاویزات پر کسی کو سفر کی اجازت ہرگز نہ دی جائے۔ محسن نقوی نے کہا کہ ٹیکنالوجی سے امیگریشن کا عمل آسان ہوا ہے، جعلی دستاویزات پر سفر کرنے والوں کے خلاف شکنجہ سخت کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مکمل سفری دستاویزات رکھنے والے کسی مسافر کو سفر سے نہیں روکا جائے گا۔

بقیہ 26

اطلاعات کے مطابق افغانستان امریکی واتحادی افواج کے انخلا کے بعد چھوڑے گئے جدید ہتھیاروں اور فوجی ساز وسامان کی بڑی مقدار پہلے ہی رکھتا ہے، اس چھوڑے گئے ساز وسامان کی مالیت کا تخمینہ 7.2 ارب امریکی ڈالر لگایا گیا ہے۔ وزارت اطلاعات کے مطابق افغانستان میں کئی دہائیوں کے تنازعات سے جمع شدہ سوویت دور کے ہتھیاروں کے بڑے ذخائر بھی موجود ہیں، یہ ذخائر بھی افغان سرزمین پر اسلحے کی موجودگی کی ایک اہم وجہ ہیں، ایسے ہتھیاروں کو پاکستان سے منسوب کرنے کی کوشش بظاہر عالمی توجہ اصل اور زیادہ سنگین مسئلے سے ہٹانے کی ایک کوشش ہے۔ پاکستان وزارت اطلاعات ونشریات کے مطابق یہ معاملہ افغان سرزمین پر دہشت گرد گروہوں کی موجودگی اور سرگرمیوں سے متعلق اہم تشویش کو پس پشت ڈالنے کے مترادف ہے، افغان سرزمین پر دہشت گرد گروہوں کو اب بھی پناہ، سہولت کاری اور کارروائی کی آزادی حاصل ہے۔ پاکستان وزارت اطلاعات ونشریات کے مطابق یہ گروہ افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشت گرد حملوں کی منصوبہ بندی، معاونت اور کارروائیوں میں مصروف ہیں، افغان طالبان کو بے بنیاد الزامات کے بجائے اپنی سرزمین پر موجود دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہوں کے خلاف موثر کارروائی کرنا ہوگی، افغان حکام اپنے وعدوں کی پاسداری یقینی بنائیں اور افغان سرزمین کو پاکستان یا کسی بھی ملک کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہونے دیں۔

بقیہ 27

سفر آگے بڑھائیں۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ قائد محمد نواز شریف کا وژن ہمیشہ مضبوط معیشت اور عوام کی خوشحالی سے جڑا رہا ہے، آزاد کشمیر میں مضبوط اور بااصلاحیت حکومت کے لیے مسلم لیگ ن کی کامیابی ضروری ہے، عوام سے درخواست ہے کہ شیر پر مہر لگا کر مسلم لیگ ن کو کامیاب بنائیں۔

بقیہ 28

بعد ریلوے حکام نے ٹریک کی مرمت مکمل کر دی اور اتوار کی صبح کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس اپنے وقت مقررہ سے ایک گھنٹہ 5 منٹ کی تاخیر سے روانہ ہوئی یاد رہے کہ کوئٹہ آنے والی ٹرینیں بھی اپنے اوقات کار کے مطابق آ رہی ہیں۔

بقیہ 29

ہزار 295 افغان باشندے وطن واپس بھجوائے گئے جبکہ پنجاب سے 1 لاکھ 40 ہزار 468 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو واپس بھجوایا گیا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ حکومت پاکستان کی واضح پالیسی کے مطابق قابل قبول ویزا کے بغیر تمام افغان شہریوں کا قیام غیر قانونی ہے۔ اس حوالے سے جاری کریک ڈاؤن کے دوران صوبہ بھر میں رہائشی علاقوں اور مارکیٹس کی مکمل جانچ کی جا رہی ہے۔ غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کو گرفتار کر کے ہولڈنگ سینٹرز میں لایا جاتا ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ کے مطابق، پنجاب میں اس وقت 39 ہولڈنگ سینٹرز فعال ہیں جن میں 188 افغان شہری موجود ہیں۔ ہولڈنگ سینٹرز میں غیر قانونی افغان باشندوں کی عارضی رہائش، رجسٹریشن اور وطن واپسی کے انتظامات کیے گئے ہیں۔ غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کو طورخم بارڈر پر افغان حکام کے حوالے کیا جاتا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ اعداد وشمار حکومت پنجاب کی موثر حکمت عملی اور فعال انتظامی اقدامات کے عکاس ہیں۔ افغان شہریوں کی واپسی کے قومی مشن میں تمام پاکستانیوں کا تعاون بھی درکار ہے۔ عوام الناس افغان شہریوں کے غیر قانونی قیام، شناخت کی جعلسازی یا مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع ایمرجنسی 15 پر دیں۔ اطلاع دینے والوں کی شناخت صیغہ راز میں رکھی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ کارروائی صرف غیر قانونی طور پر مقیم باشندوں کے خلاف کی جا رہی ہے۔ اس قومی مشن کی تکمیل کیلئے محکمہ داخلہ پنجاب کا فارن نیشنل سکیورٹی سیل صوبہ بھر میں مانیٹرنگ اور کوآرڈینیشن کر رہا ہے۔

بقیہ 30

بارود بھی برآمد کیا گیا سکیورٹی فورسز کی موثر کارروائیوں کے باعث خوارج کے نیٹ ورک کو شدید نقصان پہنچا اور ان کی نقل وحرکت محدود کر دی گئی ہے سکیورٹی فورسز دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک آپریشن رد الفتنہ 3 کے تحت اپنی کارروائیاں بلاتعطل جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 31

پاکستانی سرزمین پر موجود سپاہیوں کو حسن حرم اور مقدس مقامات سے وابستگی کی روشن علامت کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔ نغمے میں حضور اکرم ﷺ سے محبت کو مسلمانوں کے ایمان اور شناخت کا بنیادی حصہ قرار دیا گیا ہے۔ حرمین شریفین کی محبت مسلمانوں کو ایک مشترکہ ایمان، قبلے، قرآن اور روحانی رشتے میں متحد کرتی ہے آج پاکستان نے سعودی عرب اور ترکیہ کو مضبوط دفاعی تعاون کے ایک تاریخی رشتے میں جوڑ دیا ہے۔

بقیہ 32

یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سردار سرفراز بلند جوگیزئی نے کہا کہ اسلامی ممالک کے درمیان بڑھتا ہوا دفاعی تعاون باہمی اعتماد، مشترکہ سلامتی اور خطے میں پائیدار امن واستحکام کے عزم کی مضبوط علامت ہے، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون تینوں ممالک کے باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ خطے میں اجتماعی سلامتی کے تصور کو بھی تقویت دے گا یہ شراکت داری کسی ملک کے خلاف نہیں بلکہ امن، استحکام، باہمی احترام اور مشترکہ مفادات کے فروغ کیلئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ میں ہونے والا یہ اہم معاہدہ پاکستان کیلئے ایک بڑی سفارتی کامیابی ہے جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان کی دفاعی صلاحیت اور مسلح افواج کی پیشہ ورانہ استعداد کو بھی قابل فخر قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاک فوج نے ہمیشہ ملکی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے ساتھ ساتھ خطے کے امن واستحکام کیلئے بھی ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کسی ملک کے خلاف محاذ آرائی کا خواہاں نہیں، ہم امن، باہمی احترام اور تعاون پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ کا دفاعی معاہدہ پاکستان کیلئے نئی سفارتی، دفاعی اور معاشی شراکت داری کے دروازے کھولنے کا اہم موقع ہے۔ سعودی عرب کی معاشی قوت، ترکیہ کی صنعتی ودفاعی صلاحیت اور پاکستان کے جغرافیائی محل وقوع، افرادی قوت اور دفاعی تجربے سے تینوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور دفاعی پیداوار کے شعبوں میں تعاون کے نئے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں۔

بقیہ 33

داری عائد ہوتی ہے کہ وہ جماعتی نظم وضبط کی پابندی کرتے ہوئے باہمی اتحاد واتفاق کو فروغ دیں اور قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کی قیادت میں جماعت کے پیغام کو گھر گھر پہنچانے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں۔ یونٹ ذمہ داران نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے کارکنان اپنے اکابرین کے نظریات، دینی تشخص اور جمہوری جدوجہد کو آگے بڑھانے کے لیے ہر سطح پر منظم اور فعال رہیں گے، جبکہ علاقے کے عوام کو درپیش مسائل کے حل اور ان کے حقوق کے حصول کے لیے بھی ہر ممکن آواز بلند کی جائے گی۔ انہوں نے تمام کارکنان سے اپیل کی کہ جماعتی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کریں، آپس میں اتحاد ومحبت قائم رکھیں اور جمعیت علماء اسلام کے پیغام کو مثبت، موثر اور پرامن انداز میں عام کریں۔

بقیہ 34

اہم معاملات پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں موجودہ ملکی وبین الاقوامی حالات کا گہرائی سے جائزہ لیتے ہوئے اراکین مجلس عمومی کی جانب سے مختلف اہم امور پر اپنی آرا، تجاویز اور سفارشات پیش کی گئیں۔ شرکا نے اس امر پر زور دیا کہ موجودہ حالات میں سیاسی بصیرت، باہمی مشاورت، مضبوط تنظیم اور عوامی رابطے کو مزید موثر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اجلاس میں پیش کی گئی تجاویز پر تفصیلی غور کے بعد آئندہ کے لائحہ عمل کی بھرپور تائید وتوثیق کی گئی۔ اجلاس میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون اور مشترکہ دفاعی معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اس پیش رفت کا خیر مقدم کیا گیا۔ مجلس عمومی نے اسے مسلم ممالک کے درمیان باہمی تعاون، اجتماعی سلامتی اور دفاعی یکجہتی کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ یہ تعاون اسلامی دنیا کے مشترکہ مفادات، امن واستحکام اور باہمی دفاعی قوت کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ مجلس عمومی نے اس امر پر بھی زور دیا کہ مسلم دنیا کو موجودہ عالمی حالات کے تناظر میں باہمی اختلافات سے بالاتر ہو کر مشترکہ مفادات کے لیے متحد ہونا چاہیے۔ اجلاس میں مطالبہ کیا گیا کہ دیگر اسلامی ممالک بھی باہمی دفاعی، معاشی، سیاسی اور سفارتی تعاون کے موثر نظام کا حصہ بنیں تاکہ امت مسلمہ اپنے مشترکہ مفادات، خودمختاری، سلامتی اور وقار کا موثر انداز میں دفاع کر سکے۔ اجلاس میں جمعیت علما اسلام بلوچستان کے تنظیمی امور کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال، مضبوط اور مربوط بنانے، اضلاع اور بنیادی یونٹس کے درمیان رابطہ موثر کرنے اور جماعتی سرگرمیوں کو نچلی سطح تک منظم انداز میں وسعت دینے پر زور دیا گیا۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ صوبائی مجلس عمومی کے اجلاس سے قبل جمعیت علما اسلام بلوچستان کے تمام اضلاع کے امرا ونظما کا دو روزہ نمائندہ اجلاس صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی زیر صدارت منعقد ہوا تھا، جس میں صوبے بھر کے اضلاع کی سیاسی، تنظیمی اور عوامی صورتحال پر سیر حاصل غور وخوض کیا گیا اور متعدد اہم فیصلے کیے گئے تھے۔ دو روزہ امرا ونظما کے اجلاس اور اس کے بعد صوبائی مجلس عمومی کے اجلاس کا انعقاد اس امر کا واضح مظہر ہے کہ جمعیت علما اسلام بلوچستان موجودہ حالات کا گہرائی سے جائزہ لیتے ہوئے اپنے فیصلے وسیع تر مشاورت، اجتماعی رائے اور تنظیمی نظم وضبط کی بنیاد پر کر رہی ہے۔ صوبائی مجلس عمومی کا یہ اجلاس موجودہ صوبائی سیاسی تناظر میں خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ جمعیت علما اسلام بلوچستان آئین وقانون کی بالادستی، جمہوری اقدار، صوبے کے امن واستحکام، عوام کے بنیادی حقوق اور قومی وملی مفادات کے تحفظ کے لیے اپنی سیاسی وجمہوری جدوجہد کو مزید منظم اور موثر انداز میں جاری رکھے گی۔

بقیہ 35

دھاڑیں عام شاہراہوں پر مسافر بسوں، گاڑیوں کو لوٹنا جاری ہے عوام سمیت تمام طبقات غیر محفوظ ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کے قیام امن کے لیے سیاسی وقبائلی عمائدین امن جرگہ طلب کرے تمام جماعتیں اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر بلوچستان کے وسیع تر مفاد اور امن کے لیے متفقہ لائحہ عمل طے کرے حکومت درپیش بدامنی کا مسئلہ ذمہ داری اور سنجیدگی سے نہیں لے رہا ہے صرف مذمتی بیانات اور کسی کی ذمہ داری قبول کرنے سے قوم کو مطمئن کیا جا رہا ہے مذمتی بیان یا اسے محض کسی تنظیم کی کارستانی قرار دینا نہ تو کافی ہے اور نہ ہی کسی مسئلہ کا حل ہے۔ اور نہ اس بدامنی ختم ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان نوگو ایریا بن چکے ہیں عوام کی عزتیں مال وجان سب کچھ داؤ پر لگ چکی ہے۔ حکومت عوام کی جان ومال اور عزت وآبرو کو قاتلوں کی رحم وکرم پر چھوڑ دیا آئے روز قتل وغارت، بدامنی، ڈکیتی اور دہشت گردی واقعات سے بلوچستان نوگو ایریا بن چکے ہیں انہوں نے کہا کہ سوچی سمجھے منصوبے کے تحت بلوچستان میں بدامنی، عدم استحکام پیدا کرنے کی مذموم کوشش کر رہا ہے آئے روز دہشت گردی، اندوہناک اور دلخراش واقعات میں قوم اپنے پیاروں کی جنازوں سے تھک کر ہار چکے ہیں کب تک قوم جنازے اٹھاتے رہیں گی ملک کے سیاسی اور مذہبی جماعتیں امن کے دشمنوں کے مذموم عزائم کو بے نقاب کرنے اور قیام امن کے لیے آگے بڑھیں۔

بقیہ 36

زمینوں کی ویلیوایشن ٹیبل کی تیاری اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران اشر، آبیانہ (Abiana) اور زرعی انکم ٹیکس (AIT) سمیت مختلف سرکاری محصولات کی وصولی کا جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر حب نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مقررہ ریونیو اہداف کے حصول کے لیے موثر حکمت عملی اختیار کی جائے اور واجبات کی وصولی کے عمل کو مزید تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری محصولات کی بروقت اور شفاف وصولی حکومت کے مالیاتی نظام کا اہم حصہ ہے، لہٰذا تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔ انہوں نے ریونیو ریکارڈ کو مکمل اور اپ ڈیٹ رکھنے اور وصولی کے عمل میں شفافیت یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں پرائس کنٹرول کے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حب نے اسسٹنٹ کمشنرز اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اپنے اپنے علاقوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے، سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور زائد قیمت وصول کرنے، ذخیرہ اندوزی اور دیگر خلاف ورزیوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام کو ریونیو اور دیگر سرکاری محکموں سے متعلق خدمات کے حصول میں غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر سنا جائے اور ان کے بروقت ازالے کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوامی خدمات کی فراہمی میں مزید بہتری لائی جا سکے۔ اجلاس میں ضلع حب میں زمینوں کی ویلیوایشن ٹیبل کی تیاری پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ ریونیو افسران کو ہدایت کی کہ زمین کی موجودہ مارکیٹ صورتحال، علاقوں کی نوعیت، محل وقوع اور دیگر متعلقہ عوامل کو مدنظر رکھتے ہوئے ویلیوایشن ٹیبل کی تیاری کا عمل شفاف اور موثر انداز میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے ریونیو افسران پر زور دیا کہ تمام سرکاری ریکارڈ کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ رکھا جائے، زیر التوا معاملات کو جلد نمٹایا جائے اور عوام کو ریونیو خدمات کی فراہمی میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر حب نے ہدایت کی کہ ریونیو کلیکشن، پرائس کنٹرول، عوامی سہولیات اور ریونیو ریکارڈ کی بہتری کے لیے مربوط اور موثر اقدامات جاری رکھے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت، شفافیت اور سرکاری امور میں بہتری ضلعی انتظامیہ حب کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔

بقیہ 37

معدنی دولت کو قومی ترقی کے بجائے غیر شفاف آمدن، اشرافیہ کی سرپرستی اور سیاسی کنٹرول کے لیے استعمال کر رہی ہے۔ امریکی جیولوجیکل سروے کے مطابق افغانستان میں ایک ٹریلین ڈالر سے زائد مالیت کی معدنی دولت موجود ہے، ملک کے 34 صوبوں میں 1,400 سے زائد معدنی ذخائر کی نشاندہی ہو چکی ہے۔ کان کنی کے معاہدوں اور لائسنسوں کے ذریعے طالبان رجیم مبینہ طور پر غیر شفاف انداز میں آمدن اور وفادار نیٹ ورکس کو فائدہ پہنچا رہی ہے۔

بقیہ 01

یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سردار سربلند جوگیزئی نے کہا کہ اسلامی ممالک کے درمیان بڑھتا ہوا دفاعی تعاون باہمی اعتماد، مشترکہ سلامتی اور خطے میں پائیدار امن واستحکام کے عزم کی مضبوط علامت ہے، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون تینوں ممالک کے باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ خطے میں اجتماعی سلامتی کے تصور کو بھی تقویت دے گا یہ شراکت داری کسی ملک کے خلاف نہیں بلکہ امن، استحکام، باہمی احترام اور مشترکہ مفادات کے فروغ کیلئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ میں ہونے والا یہ اہم معاہدہ پاکستان کیلئے ایک بڑی سفارتی کامیابی ہے جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان کی دفاعی صلاحیت اور مسلح افواج کی پیشہ ورانہ استعداد کو بھی قابل فخر قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاک فوج نے ہمیشہ ملکی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے ساتھ ساتھ خطے کے امن و استحکام کیلئے بھی ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کسی ملک کے خلاف محاذ آرائی کا خواہاں نہیں، ہم امن، باہمی احترام اور تعاون پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ کا دفاعی معاہدہ پاکستان کیلئے نئی سفارتی، دفاعی اور معاشی شراکت داری کے دروازے کھولنے کا اہم موقع ہے۔ سعودی عرب کی معاشی قوت، ترکیہ کی صنعتی و دفاعی صلاحیت اور پاکستان کے جغرافیائی محل وقوع، افرادی قوت اور دفاعی تجربے سے تینوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور دفاعی پیداوار کے شعبوں میں تعاون کے نئے امکانات پیدا ہوسکتے ہیں۔

بقیہ 02

داری عائد ہوتی ہے کہ وہ جماعتی نظم وضبط کی پابندی کرتے ہوئے باہمی اتحاد واتفاق کو فروغ دیں اور قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کی قیادت میں جماعت کے پیغام کو گھر گھر پہنچانے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں۔ یونٹ ذمہ داران نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے کارکنان اپنے اکابرین کے نظریات، دینی تشخص اور جمہوری جدوجہد کو آگے بڑھانے کے لیے ہر سطح پر منظم اور فعال رہیں گے، جبکہ علاقے کے عوام کو درپیش مسائل کے حل اور ان کے حقوق کے حصول کے لیے بھی ہر ممکن آواز بلند کی جائے گی۔ انہوں نے تمام کارکنان سے اپیل کی کہ جماعتی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کریں، آپس میں اتحاد ومحبت قائم رکھیں اور جمعیت علماء اسلام کے پیغام کو مثبت، موثر اور پرامن انداز میں عام کریں۔

بقیہ 03

اہم معاملات پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں موجودہ ملکی و بین الاقوامی حالات کا گہرائی سے جائزہ لیتے ہوئے اراکین مجلس عمومی کی جانب سے مختلف اہم امور پر اپنی آراء، تجاویز اور سفارشات پیش کی گئیں۔ شرکاء نے اس امر پر زور دیا کہ موجودہ حالات میں سیاسی بصیرت، باہمی مشاورت، مضبوط تنظیم اور عوامی رابطے کو مزید مؤثر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اجلاس میں پیش کی گئی تجاویز پر تفصیلی غور کے بعد آئندہ کے لائحہ عمل کی بھرپور تائید و توثیق کی گئی۔ اجلاس میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون اور مشترکہ دفاعی معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اس پیش رفت کا خیر مقدم کیا گیا۔ مجلس عمومی نے اسے مسلم ممالک کے درمیان باہمی تعاون، اجتماعی سلامتی اور دفاعی یکجہتی کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ یہ تعاون اسلامی دنیا کے مشترکہ مفادات، امن و استحکام اور باہمی دفاعی قوت کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ مجلس عمومی نے اس امر پر بھی زور دیا کہ مسلم دنیا کو موجودہ عالمی حالات کے تناظر میں باہمی اختلافات سے بالاتر ہوکر مشترکہ مفادات کے لیے متحد ہونا چاہیے۔ اجلاس میں مطالبہ کیا گیا کہ دیگر اسلامی ممالک بھی باہمی دفاعی، معاشی، سیاسی اور سفارتی تعاون کے مؤثر نظام کا حصہ بنیں تاکہ امت مسلمہ اپنے مشترکہ مفادات، خودمختاری، سلامتی اور وقار کا مؤثر انداز میں دفاع کر سکے۔ اجلاس میں جمعیت علما اسلام بلوچستان کے تنظیمی امور کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال، مضبوط اور مربوط بنانے، اضلاع اور بنیادی یونٹس کے درمیان رابطہ مؤثر کرنے اور جماعتی سرگرمیوں کو نچلی سطح تک منظم انداز میں وسعت دینے پر زور دیا گیا۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ صوبائی مجلس عمومی کے اجلاس سے قبل جمعیت علما اسلام بلوچستان کے تمام اضلاع کے امراء ونظماء کا دوروزہ نمائندہ اجلاس صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی زیر صدارت منعقد ہوا تھا، جس میں صوبے بھر کے اضلاع کی سیاسی، تنظیمی اور عوامی صورتحال پر سیر حاصل غور و خوض کیا گیا اور متعدد اہم فیصلے کیے گئے تھے۔ دو روزہ امراء ونظماء کے اجلاس اور اس کے بعد صوبائی مجلس عمومی کے اجلاس کا انعقاد اس امر کا واضح مظہر ہے کہ جمعیت علما اسلام بلوچستان موجودہ حالات کا گہرائی سے جائزہ لیتے ہوئے اپنے فیصلے وسیع تر مشاورت، اجتماعی رائے اور تنظیمی نظم وضبط کی بنیاد پر کر رہی ہے۔ صوبائی مجلس عمومی کا یہ اجلاس موجودہ صوبائی سیاسی تناظر میں خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ جمعیت علما اسلام بلوچستان آئین وقانون کی بالادستی، جمہوری اقدار، صوبے کے امن و استحکام، عوام کے بنیادی حقوق اور قومی وملی مفادات کے تحفظ کے لیے اپنی سیاسی و جمہوری جدوجہد کو مزید منظم اور موثر انداز میں جاری رکھے گی۔

بقیہ 04

لیبر ونگ بلوچستان کے صدر چوہدری نوید نے کہا کہ مزدوروں اور محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے ہم آپ کو مسلم لیگ کے لیبر ونگ میں شمولیت کی پرجوش دعوت دیتے ہیں۔ آپ کی اصول پسند اور شفاف لیڈرشپ نے ہمیشہ سچ اور حق کا ساتھ دے کر مزدور طبقے کی آواز کو مزید بلند و توانا کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری نشرو اشاعت عامر شیخ نے کہا ہم آپ جیسے مخلص اور باکردار رہنما کے ساتھ ملکر محنت کشوں، مزدوروں اور تمام طبقہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے کارکنان کو نہ صرف خوش آمدید کہیں گے۔ بلکہ ان کے مسائل کے حل کی بھرپور کوشش کریں گے۔ آخر میں مزدور رہنما ملک غلام حسین بنگلزئی نے مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ میں شمولیت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ وہ چوہدری نوید اور انکی لیبر ونگ بلوچستان کی ٹیم کے شانہ بشانہ چل کر نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے مزدوروں کے حقوق کی جدوجہد میں اپنا نمایاں کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 05

دھاڑیں عام شاہراوں پر مسافر بسوں گاڑیوں کو لوٹا جارہا ہے عوام سمیت تمام طبقات غیر محفوظ ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کے قیام امن کے لیے سیاسی وقبائلی عمائدین امن جرگہ طلب کرے تمام جماعتیں اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر بلوچستان کے وسیع تر مفاد اور امن کے لیے حقیقی لائحہ عمل طے کرے حکومت درپیش بدامنی کا مسئلہ ذمہ داری اور سنجیدگی سے نہیں لے رہا ہے صرف مذمتی بیانات اور کسی کی ذمہ داری قبول کرنے سے قوم کو مطمئن کیا جارہا ہے مذمتی بیان یا اسے محض کسی تنظیم کی کارستانی قرار دینا تو کافی ہے اور نہ ہی کسی مسئلہ کا حل ہے۔ اور نہ اس بدامنی ختم ہوسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان نوگوایریا بن چکے ہیں عوام کی عزتیں مال وجان سب کچھ داؤ پر لگ چکی ہے۔ حکومت عوام کی جان و مال اور عزت و آبرو کو قاتلوں کی رحم وکرم پر چھوڑ دیا آئے روز قتل وغارت، بدامنی، ڈکیتی اور دہشت گردی واقعات سے بلوچستان نوگوایریا بن چکے ہیں انہوں نے کہا کہ سوچی سمجھے منصوبے کے تحت بلوچستان میں بدامنی، عدم استحکام پیدا کرنے کی مذموم کوشش کر رہا ہے آئے روز دہشت گردی، اندوہناک اور وحشتناک واقعات میں قوم اپنے پیاروں کی جنازوں سے تھک کر ہار چکے ہیں کب تک قوم جنازے اٹھاتے رہنگی ملک کے سیاسی اور مذہبی جماعتیں امن کے دشمنوں کے مذموم عزائم کو بے نقاب کرنے اور قیام امن کے لیے آگے بڑھے

بقیہ 06

وغ کو اجاگر کرتا ہے۔ سرکاری دفاتر میں آویزاں کیے گئے بینرز پر پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مضبوط برادرانہ تعلقات اور مشترکہ دفاعی شراکت داری کے حوالے سے خیر مقدمی پیغامات درج ہیں ڈپٹی کمشنر پشین منصور قاضی نے کہا کہ پاکستان کے سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ دیرینہ برادرانہ اور دوستانہ تعلقات قائم ہیں۔ مکہ مکرمہ میں طے پانے والا مشترکہ دفاعی معاہدہ تینوں ممالک کے درمیان باہمی تعاون اور اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ برادر اسلامی ممالک کے ساتھ امن، استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ کا خواہاں رہا ہے۔ یہ معاہدہ خطے میں امن وسلامتی کے لیے مثبت پیش رفت ثابت ہوگا اور تینوں ممالک کے عوام کے درمیان محبت، اخوت اور یکجہتی کے جذبات کو مزید فروغ دے گا۔

بقیہ 07

زمینوں کی ویلیوایشن ٹیبل کی تیاری اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران اشر، آبیانہ (Abiana) اور زرعی انکم ٹیکس (AIT) سمیت مختلف سرکاری محصولات کی وصولی کا جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر حب نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مقررہ ریونیو اہداف کے حصول کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے اور واجبات کی وصولی کے عمل کو مزید تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری محصولات کی بروقت اور شفاف وصولی حکومت کے مالیاتی نظام کا اہم حصہ ہے، لہٰذا تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔ انہوں نے ریونیو ریکارڈ کو مکمل اور اپ ڈیٹ رکھنے اور وصولی کے عمل میں شفافیت یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں پرائس کنٹرول کے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حب نے اسسٹنٹ کمشنرز اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اپنے اپنے علاقوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے، سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور زائد قیمت وصول کرنے، ذخیرہ اندوزی اور دیگر خلاف ورزیوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام کو ریونیو و دیگر سرکاری محکموں سے متعلق خدمات کے حصول میں غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر سنا جائے اور ان کے بروقت ازالے کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوامی خدمات کی فراہمی میں مزید بہتری لائی جا سکے۔ اجلاس میں ضلع حب میں زمینوں کی ویلیوایشن ٹیبل کی تیاری پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ ریونیو افسران کو ہدایت کی کہ زمین کی موجودہ مارکیٹ صورتحال، علاقوں کی نوعیت، محل وقوع اور دیگر متعلقہ عوامل کو مدنظر رکھتے ہوئے ویلیوایشن ٹیبل کی تیاری کا عمل شفاف اور مؤثر انداز میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے ریونیو افسران پر زور دیا کہ تمام سرکاری ریکارڈ کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ رکھا جائے، زیر التوا معاملات کو جلد نمٹایا جائے اور عوام کو ریونیو خدمات کی فراہمی میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر حب نے ہدایت کی کہ ریونیو کلیکشن، پرائس کنٹرول، عوامی سہولیات اور ریونیو ریکارڈ کی بہتری کے لیے مربوط اور مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت، شفافیت اور سرکاری امور میں بہتری ضلعی انتظامیہ حب کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔

بقیہ 08

کمار نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدہ خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے۔ تینوں ممالک کے درمیان باہمی تعاون اور دفاعی شراکت داری مزید مضبوط ہونے سے برادرانہ تعلقات کو نئی جہت ملے گی انہوں نے کہا کہ سعودی عرب اور ترکیہ پاکستان کے برادر اسلامی ممالک ہیں اور پاکستانی عوام دونوں ممالک کے ساتھ گہری محبت اور عقیدت رکھتے ہیں۔ مکہ مکرمہ میں طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ تینوں ممالک کے درمیان اتحاد، اخوت اور مشترکہ سلامتی کے عزم کا مظہر ہے۔

بقیہ 09

اس موقع پر کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدہ تینوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان مضبوط اور دیرینہ تعلقات کا مظہر ہے۔ یہ معاہدہ خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ میں طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ تینوں ممالک کے مشترکہ دفاعی تعاون اور باہمی سلامتی کے عزم کو مزید مضبوط بنائے گا۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے عوام کے درمیان محبت، اخوت اور بھائی چارے کے رشتے مزید مستحکم ہوں گے۔ صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ اس اہم پیش رفت پر تینوں برادر ممالک کے عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے نصیر آباد ڈویژن میں قومی پرچموں اور خیر مقدمی پینافلیکس کی نمائش کی گئی ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس تاریخی معاہدے کو خطے اور پوری مسلم امہ کے لیے امن، استحکام اور خوشحالی کا ذریعہ بنائے۔

بقیہ 10

شناختی کارڈ ہولڈرز کو نوٹسز جاری کردیے ہیں، جبکہ نادرا ریجنل ہیڈکوارٹر پشاور نے مشکوک شناختی کارڈز رکھنے والے افراد کی ابتدائی فہرست بھی جاری کردی ہے۔ فہرست میں ضلع جہلم اور اس کی مختلف تحصیلوں سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں۔ ان تحصیلوں میں پنڈ دادن خان، دینہ، سوہاوہ، ڈومیلی، کالا گجراں اور دیگر علاقے شامل ہیں۔ نادرا نے فہرست میں شامل تمام افراد کو ہدایت کی ہے کہ وہ 15 دن کے اندر متعلقہ نادرا ریجنل آفس میں پیش ہوں اور اپنی شناخت ثابت کرنے کے لیے تمام ضروری دستاویزات بھی ہمراہ لائیں۔ نادرا کے مطابق مقررہ مدت کے اندر پیش نہ ہونے والے افراد کے شناختی کارڈ ""بلاک کردیے جائیں گے۔ نادرا نے خبردار کیا ہے کہ مشکوک شناختی کارڈز رکھنے والے افراد کے ساتھ ساتھ ""ان کے اہل خانہ کے خلاف بھی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 11

سے محروم بچوں تک رسائی، روٹین امیونائزیشن کی بہتری اور حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کی مجموعی کارکردگی میں اہم کامیابی قرار دی جا سکتی ہے۔ ملک گیر سطح پر کیے گئے اس سروے میں بچوں کی ویکسینیشن کوریج اور حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ سروے کے لیے اپریل 2024 سے مئی 2025 کے دوران پیدا ہونے والے 12 سے 23 ماہ کی عمر کے بچوں کو شامل کیا گیا، جبکہ ڈیٹا اکٹھا کرنے کا عمل 3 اپریل سے 30 مئی 2026 تک جاری رہا۔ یہ امر خصوصی طور پر قابل ذکر ہے کہ سروے میں شامل بچوں کی پیدائش کے عرصے کے دوران ڈاکٹر کمالان گچکی صوبائی پروگرام برائے توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات (EPI) بلوچستان کے سربراہ کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے تھے۔ ان کے دور قیادت میں محدود وسائل اور بلوچستان کے وسیع ودشوار گزار جغرافیے کے باوجود روٹین امیونائزیشن کو مؤثر بنانے، ویکسین تک رسائی بہتر کرنے، زیرو ڈوز بچوں کی نشاندہی اور ان تک رسائی، فیلڈ مانیٹرنگ کے نظام کو مضبوط بنانے اور دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال پر خصوصی توجہ دی گئی۔ حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج میں اس بہتری کو محض کسی ایک فرد کی کاوش کے بجائے مؤثر قیادت، بہتر حکمت عملی اور مربوط ٹیم ورک کا نتیجہ قرار دیا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر کمالان گچکی کی سربراہی میں صوبائی پروگرام کی جانب سے ڈونر ایجنسیوں اور EOC کے ساتھ بہتر کوآرڈینیشن، ضلعی EPI ٹیموں کے ساتھ مسلسل رابطہ، فیلڈ سطح پر مربوط حکمت عملی، باقاعدہ مانیٹرنگ اور خامیوں کی بروقت نشاندہی و ازالے نے حفاظتی ٹیکہ جات کی خدمات کو مزید موثر بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ خصوصاً زیرو ڈوز بچوں کی نشاندہی، مشکل رسائی والے علاقوں میں ویکسینیشن سروسز کی بہتری، ضلعی ٹیموں کی کارکردگی کی نگرانی اور مختلف شراکت داروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری نے پروگرام کو ان بچوں تک پہنچنے میں مدد دی جو روایتی حفاظتی ٹیکہ جات کی خدمات سے محروم رہ جاتے تھے۔ بلوچستان جیسے وسیع رقبے، دشوار گزار جغرافیے اور بکھری ہوئی آبادی والے صوبے میں بچوں کو قابل انسداد بیماریوں سے تحفظ فراہم کرنا ایک پیچیدہ انتظامی اور صحت عامہ کا چیلنج ہے۔ ایسے ماحول میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج میں 38 فیصد سے 6.56 فیصد تک اضافہ اور زیرو ڈوز بچوں کی شرح میں نمایاں کمی اس امر کی عکاسی کرتی ہے کہ مؤثر منصوبہ بندی، مضبوط فیلڈ مانیٹرنگ، ضلعی سطح پر مربوط ٹیم ورک اور شراکت دار اداروں کے ساتھ بہتر کوآرڈینیشن کے ذریعے محدود وسائل میں بھی قابل ذکر نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ یہ نتائج بلوچستان میں حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کے لیے ایک مثبت پیش رفت ہیں اور اس بات کو تقویت دیتے ہیں کہ مؤثر قیادت، ٹیم ورک، شراکت داروں کے ساتھ مضبوط رابطہ کاری اور مسلسل مانیٹرنگ بچوں کو ویکسین سے محروم رکھنے کے رجحان کو کم کرنے میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔

بقیہ 12

جوگیزئی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ قلعہ سیف اللہ شہر کے دہانے پر عوامی رضامندی اور کسی جائز عوامی مشاورت کے بغیر ایک غیر منصفانہ اور غیر ضروری ٹول پلازہ قائم کرنا عوام پر بلاجواز مالی بوجھ مسلط کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ گرنگ کے مقام پر سیر وتفریح کے لیے جانے والے شہریوں کو بھی روک کر ان سے رقم وصول کرنا عوام کو محض آمدنی کا ذریعہ سمجھنے کے مترادف ہے جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹرک ڈرائیوروں سے ٹول کی مد میں رقم وصول کرنے کے ساتھ انہیں غیر ضروری طور پر روکنا اور تاخیر کا شکار کرنا بھی ناقابل قبول ہے۔ خصوصاً پھلوں سے لدے ٹرکوں کو بروقت پھل منڈی تک پہنچنے میں تاخیر سے نہ صرف ٹرانسپورٹرز اور ڈرائیوروں کو نقصان پہنچتا ہے بلکہ پھلوں کے خراب ہونے، معیار متاثر ہونے اور کاشتکاروں وتاجروں کو مالی نقصان کا بھی خدشہ پیدا ہوتا ہے۔ عوامی سہولت کے نام پر قائم کیا جانے والا کوئی بھی نظام اگر عوام اور کاروباری طبقے کے لیے اضافی مشکلات اور مالی نقصان کا باعث بنے تو اس کی فوری نظرثانی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی احتجاج کو دبانے کے لیے ایف آئی آر کا اندراج اور گرفتاریوں کا راستہ اختیار کرنا مسئلے کا حل نہیں، بلکہ عوامی غیظ وغضب میں مزید اضافہ کرنے کا باعث بنے گا۔ حکومت کو چاہیے کہ طاقت کے استعمال اور انتقامی کارروائیوں کے بجائے عوامی مطالبات کو سنجیدگی سے سنے اور فوری طور پر گرفتار افراد کو رہا کرے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی واضح کرتی ہے کہ گرفتار ٹرک ایسوسی ایشن کے افراد کی رہائی اور ناجائز ٹول پلازہ کے خاتمے کی حکومتی یقین دہانی تک جدوجہد جاری رہے گی۔ آئندہ کا لائحہ عمل ٹرک ایسوسی ایشن کی قیادت سے باقاعدہ مشاورت، عوامی مفاد اور عوام کی بہتر سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے طے کیا جائے گا۔ پارٹی ہر اس جمہوری اور سیاسی اقدام کی حمایت کرے گی جو عوام کے اجتماعی مفاد اور جائز حقوق کے تحفظ کے لیے ضروری ہو مگر عوام کے جائز حقوق سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوا جائے گا۔

بقیہ 13

نے تمام شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ مقررہ اوقات میں غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں، قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مکمل تعاون کریں اور اپنے اہل خانہ کی حفاظت کے لیے جاری کردہ سیکیورٹی ایس او پیز پر سختی سے عمل کریں۔ اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ کرفیو کی خلاف ورزی کرنے والے افراد اپنے کسی بھی ممکنہ نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے، جبکہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 14

سے زائد نوجوان ایتھلیٹس نے بھرپور شرکت کی۔ میراتھن ریس ایئر پورٹ روڈ سے شروع ہوکر ایوب اسپورٹس کمپلیکس میں اختتام پذیر ہوئی، جہاں نوجوان ایتھلیٹس نے بھرپور جوش و جذبے کا مظاہرہ کیا جبکہ شہریوں اور کھیلوں سے وابستہ حلقوں نے اس صحت مند سرگرمی کو سراہا۔ مقابلے میں نوجوان ایتھلیٹ عین اللہ نے پہلی، رحیم نے دوسری جبکہ محمد اکرم نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے ایتھلیٹس میں میڈلز اور نقد انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر سیکرٹری کھیل وامور نوجوانان بلوچستان درا بلوچ اور ڈائریکٹر جنرل کھیل وامور نوجوانان بلوچستان ڈاکٹر یاسر بازئی سمیت محکمہ کھیل کے افسران، ایتھلیٹس اور شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ سیکرٹری کھیل وامور نوجوانان بلوچستان درا بلوچ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جشن آزادی کے سلسلے میں صوبے بھر میں کھیلوں سمیت مختلف سرگرمیوں پر مشتمل پروگرامز کا انعقاد کیا جارہا ہے، کوئٹہ میں ایوب اسپورٹس کمپلیکس اور شہر کے دیگر مقامات پر تقریباً 40 مختلف کھیلوں کے مقابلے منعقد کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ "Run for Fun" میراتھن ریس کے انعقاد کا مقصد نوجوانوں اور شہریوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا ہے، کیونکہ کھیل نہ صرف جسمانی صحت کے لیے ضروری ہیں بلکہ نوجوانوں میں نظم وضبط، برداشت، مثبت سوچ اور تعمیری رویوں کو فروغ دینے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر محکمہ کھیل وامور نوجوانان کے زیر اہتمام صوبے بھر میں میگا اسپورٹس فیسٹیول کا آغاز کیا گیا ہے، جس کے تحت ضلعی ہیڈکوارٹرز کی سطح پر 10 گیمز، ڈویژنل سطح پر 12 گیمز جبکہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں 40 مختلف کھیلوں پر مشتمل پروگرامز منعقد کیے جارہے ہیں۔ سیکرٹری کھیل نے مزید کہا کہ کھیلوں کی یہ سرگرمیاں جشن آزادی 14 اگست کے بعد بھی جاری رہیں گی تاکہ زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں میں حصہ لینے کے مواقع فراہم کیے جاسکیں اور صوبے کے باصلاحیت نوجوان ایتھلیٹس کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے بھرپور پلیٹ فارم میسر آئے۔

بقیہ 15

ایس ایچ او پشتون آباد ان کے پیشرو گل محمد کو پولیس لائن، احسان اللہ مروت کو پولیس لائن سے ایس ایچ او شہید عبدالغنی خروٹ آباد ان کے پیشرو لیاقت دشتی کو پولیس لائن کوئٹہ تبادلہ کردیا گیا۔

بقیہ 16

انصاف نہ ملا تو میں خودکشی کرنے پر مجبور ہوں گی جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ کسٹم اہلکار شاہ محمد سکنہ نصیر آباد جوکہ کسٹم میں کانسٹیبل کے طور پر ڈیوٹی دے رہا ہے چار سال قبل میں نے اس کی باتوں میں آکر گھر سے بھاگ اور گھر سے 5 لاکھ روپے، 5 تولا سونا، 2 عدد موبائل فون اور ایک گاڑی لیکر فرار ہوگئی اور کوئٹہ میں ایک فلیٹ میں رہائش پذیر ہوئے جہاں پر کچھ عرصہ قبل اس نے مجھے غلط کام کیلئے مجبور کیا جس کے انکار کرنے پر مجھے اس نے تشدد کا نشانہ بنایا اور میرے منہ پر تیزاب پھینکا مجھے کسی سے ملنے یا ٹیلیفون پر بات کرنے کی اجازت نہیں تھی بعد میں نے کراچی سے سرجری کرائی اور اس کے ساتھ نکاح کیا جس کے بعد اس نے میری نازیبا تصاویر اور ویڈیو بنا کر مجھے بلیک میل کرنے لگا جبکہ میں اس کے بچے کی ماں بننے والی اور لڑائی جھگڑوں کے بعد اس نے مجھے گھر سے نکال دیا اب وہ مجھے ٹیلی فون پر دھمکی آمیز میسج کرکے نازیبا ویڈیو اور تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل کرنے کی دھمکی دیکر بلیک میل کررہا ہے میں ایسی صورت میں نہ اپنے شوہر کے ساتھ رہ سکتی اور نہ ہی اپنے والدین کے پاس جاسکتی ہوں وہ مجھے مار دیں گے میری وزیر اعلیٰ بلوچستان اور متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ انصاف فراہم کرنے کے لئے شاہ محمد کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے میں نے اس کے خلاف سائبر کرائم، کسٹم، تمام پولیس تھانوں میں انصاف کے لئے رابطہ کیا ہے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ اگر مجھے انصاف نہ ملا تو میں خودکشی کرنے پر مجبور ہوں گے جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

بقیہ 17

میں بلوچ عوام کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کے خلاف مؤثر کردار ادا نہیں کیا، جبکہ آج سندھ میں بھی بلوچ سیاسی رہنماؤں اور بلوچ عوام کے خلاف ایسے اقدامات سامنے آرہے ہیں جو قابل تشویش ہیں۔ میر خورشید جمالدینی نے کہا کہ سردار اختر جان مینگل ایک قومی سیاسی رہنما ہیں، ان کے رہائشی کوارٹر پر چھاپہ اور ان کے ذاتی گارڈز کو گرفتار کرنا سیاسی و جمہوری روایات کے منافی ہے۔ ایسے اقدامات سے سیاسی کشیدگی میں اضافہ ہوگا اور عوام کا ریاستی اداروں پر اعتماد مزید متاثر ہوگا۔ انہوں نے سندھ حکومت سے مطالبہ کیا کہ سردار اختر جان مینگل کے گرفتار ذاتی گارڈز کو فوری طور پر بازیاب کرکے رہا کیا جائے۔

بقیہ 18

اور تمام ممالک کیمشترکہ کرنسی تجارت دفاع کے نکتہ شامل ہے اور معاہدہ مکہ دیگر تمام اسلامی ممالک کو بھی شامل کرکیا اتحاد واتفاق کا مظاہرہ کرکے تمام اسلامی ممالک کیاپس میں مسائل کو مذاکرات کیمیز پر حل کرکیا اسلامی ممالک پر مشتمل اسلامی تشکیل دیا جائے انہوں نیا اسرائیل کے جانب سے غزہ میں دہشت گردی کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل دہشت گردی اور جارحیت عالم اسلام کے لیے عظیم خطرے کا باعث بن رہی ہے عالم اسلام کے خلاف سازشی منصوبے اور دہشت گردی کے تمام ہتھکنڈے آزمائے جارہےہیں۔ عالم اسلام سے امن ومعیشت، دفاعی اور ترقی وخوش حالی کو چھینا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ خطے میں جاری بدامنی، خون کی ہولی فساد آج بھی اسلامی ممالک میں امریکہ بھارت اور اسرائیل کی جارحیت کا تسلسل ہے مذموم عزائم اور دہشت گردی سے خطہ کا امن برباد کیا اب خطے میں مزید بدامنی سے امن کو سبوتاژ کرنے کی کوشش ہورہی ہے انہوں نے کہا کہ مسلم ممالک کے درمیان اتحاد اور دفاعی معاہدات ناگزیر ہوچکی ہے مسلم ممالک ایک دوسرے کو تنہا چھوڑتے سے مسلسل ظلم اور بربریت اور معاشی استحصالی کا سامنا کررہے ہیں۔ موجودہ درپیش بحران پر مسلم ممالک کے حکمرانوں نے سنجیدگی کا مظاہرہ نہ کیا تو تاریخ انہیں معاف نہیں کریگی اسلامی ممالک کو درپیش چیلنجز پر عالمی برادری اور اقوام متحدہ کا دوغلا کردار پوری دنیا پر عیاں ہوچکی ہے استعماری قوتیں انسانی کے حقوق کی غاصب بن چکی ہیں۔ اور بحرانوں کو جنم دیا ہے۔ دفاعی ومعاشی تعاون اور مضبوط سفارتی تعلقات استوار کرنے سے انسانی بحران اور معاشی بدحالی سے نمٹا جاسکتے ہیں انہوں نیکہا کہ اسلامی ممالک آزاد خارجہ پالیسیاں اور خود انحصاری پرمبنی پالیسیاں تشکیل دیا جائے۔ غلامانہ پالیسیوں سے امت مسلمہ بدامنی اور بحران سے دوچار ہورہی ہے عربی ممالک اور خصوصا اسلامی ممالک مشترکہ فوج مشترکہ تجارتی کاروباری منڈی کیذریعے عالمی سطح پر میدان میں اترے گا تو کفری عالمی دنیا خوخوار عالمی مالیاتی اداروں کیفرمائشات تشکیل کے اور سودی نظام کیتحت اسلامی دنیا کیظلم چونے سے نجات پائیگا

بقیہ 19

اٹھ جانا ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔ مونس الٰہی نے کہا کہ ہم آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بیرسٹر گوہر علی خان کی والدہ کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 20

ے کے فقدان اور آوارہ و باولے کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ متعلقہ اداروں کی ناقص کارکردگی اور انتظامی ناکامی کے باعث صوبائی دارالحکومت صحت عامہ کے بحران سے دوچار ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ صفا پروجیکٹ اپنے بنیادی مقصد، یعنی شہری صفائی اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کو یقینی بنانے میں بری طرح ناکام ہو چکا ہے۔ شہر کی بیشتر شاہراہیں، بازار، رہائشی علاقے، تعلیمی اداروں کے اطراف اور گلیاں کچرے کے ڈھیروں میں تبدیل ہو چکی ہیں، گلی محلوں میں سوریج کا پانی بہہ رہا ہے لوگ پیدل چل نہیں سکتے جس سے شہریوں کی صحت بھی شدید خطرات سے دوچار ہے۔ بیان میں افسوس کا اظہار کیا گیا کہ مون سون اور گرمی کے موسم میں مچھروں اور دیگر بیماری پھیلانے والے جراثیم کے خاتمے کے لیے باقاعدہ سپرے نہ ہونے کے باعث ملیریا، ڈینگی، گیسٹرو اور دیگر متعدی امراض پھیلنے کا خدشہ بڑھ گیا ہے۔ اگر بروقت احتیاطی اقدامات نہ کیے گئے تو شہر کو ایک سنگین صحت کے بحران کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ بیان میں آوارہ اور باولے کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ شہر کی سڑکوں، محلوں، پارکوں، بازاروں اور خصوصاً اسکولوں کے اطراف آوارہ کتے آزادانہ گھوم رہے ہیں۔ متعدد شہریوں، بالخصوص بچوں، کے کتے کے کاٹنے کے واقعات نے والدین میں شدید خوف وہراس پیدا کردیا ہے۔ متعلقہ اداروں کا موقف ہے کہ ان کے پاس ڈاگ شوٹرز، ضروری ادویات، ویکسین اور دیگر وسائل کی کمی ہے، جس کے باعث مؤثر کارروائی ممکن نہیں ہو رہی۔ اگر واقعی ادارے وسائل کی کمی کا شکار ہیں تو حکومت کی ذمہ داری ہے کہ انہیں فوری طور پر مطلوبہ فنڈز، افرادی قوت، آلات اور ادویات فراہم کرے تاکہ شہریوں کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔ بیان میں حکومت، ضلعی انتظامیہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ اور صفا پروجیکٹ کے حکام سے مطالبہ کیا گیا کہ کوئٹہ شہر میں فوری اور ہنگامی بنیادوں پر صفائی مہم شروع کی جائے، تمام علاقوں سے کچرے کے ڈھیر فوری طور پر اٹھائے جائیں۔ مچھروں اور بیماری پھیلانے والے جراثیم کے خاتمے کے لیے باقاعدگی سے جراثیم کش سپرے کیا جائے۔ آوارہ اور باولے کتوں کے خاتمے کے لیے مؤثر، محفوظ اور انسانی تقاضوں کے مطابق مہم چلائی جائے۔ بیان کے آخر میں کہا گیا کہ کوئٹہ کے شہری صاف ستھرا، محفوظ اور صحت مند ماحول میں زندگی گزارنے کا آئینی حق رکھتے ہیں۔ حکومت کے ساتھ ساتھ شہریوں کی بھی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ صفائی اور اپنے شہر کا خیال رکھیں۔

بقیہ 21

معدنی دولت کو قومی ترقی کے بجائے غیر شفاف آمدن، اشرافیہ کی سرپرستی اور سیاسی کنٹرول کے لیے استعمال کر رہی ہے۔ امریکی جیولوجیکل سروے کے مطابق افغانستان میں ایک ٹریلین ڈالر سے زائد مالیت کی معدنی دولت موجود ہے، ملک کے 34 صوبوں میں 1,400 سے زائد معدنی ذخائر کی نشاندہی ہو چکی ہے۔ کان کنی کے معاہدوں اور لائسنسوں کے ذریعے طالبان رجیم مبینہ طور پر غیر شفاف انداز میں آمدن اور وفادار نیٹ ورکس کو فائدہ پہنچا رہی ہے۔ طالبان رجیم منرل مافیا ٹیکس، رائلٹی، لائسنس فیس اور کان کنی سے متعلق براہ راست ادائیگیاں وصول کرتی ہے۔ کئی علاقوں میں کان کنی کے آپریٹرز کو طالبان کے مطالبات ماننے پر مجبور ہونا پڑتا ہے۔ معدنیات سے مالا مال ننگرہار طالبان کی سب سے زیادہ کان کنی معاہدوں والا صوبہ بن چکا ہے۔ طالبان رجیم کی کان کنی کی معیشت نے افغانستان میں ماحولیاتی اور سماجی مسائل بھی پیدا کیے۔ بچوں سے خطرناک کان کنی کا کام لینا طالبان رجیم کے اس استحصالی معاشی نظام کو ظاہر کرتا ہے۔ معدنی ذخائر کے حصول کے لیے طاقت اور جبر کا بھی استعمال کیا، مقامی آبادیوں کو زمین سے بے دخل کیا۔ بدخشاں اور تخار میں طالبان سے منسلک مقامی رہنماؤں کے زیر اثر سونے کی کان کنی میں اضافہ ہوا ہے۔ معدنی کانوں پر قبضے کے لیے خونریز جھڑپوں کو بھی جنم دیا۔ طالبان رجیم کی موجودہ پالیسی کی وجہ سے افغانستان معاشی کمزوری کا شکار ہے۔ مئی 2024 میں طالبان کے زیر کنٹرول وزارت معادن و پٹرولیم نے چین، قطر، ترکیہ، ایران اور برطانیہ سے 7 ارب ڈالر سے زائد سرمایہ کاری حاصل کرنے کا دعویٰ کیا، تاہم معاہدوں کی تفصیلات ظاہر نہیں کی گئیں۔ افغانستان کو جون 2024 میں ایکسٹریکٹو انڈسٹریز ٹرانسپیرنسی انیشی ایٹو (ای آئی ٹی آئی) سے معطل کیا گیا، جو کان کنی کے شعبے میں شفافیت اور احتساب کے فقدان کو ظاہر کرتا ہے۔ جولائی 2024 میں اقوام متحدہ کی پابندیوں کی فہرست میں شامل طالبان رکن ہدایت اللہ بدری کو وزیر معادن و پٹرولیم مقرر کردیا گیا۔ جون میں طالبان قیادت نے بدخشاں میں تقریباً 1,000 اسپیشل فورس اہلکار تعینات کیے تاکہ صوبے کی کانوں پر کنٹرول مزید مضبوط ہو۔

بقیہ 22

کیسانی نے مزید کہا کہ آٹھ اگست بلوچستان میں ریاست کی غلط پالیسیوں کے نتیجے میں پیش آنے والے دہشتگردی کے واقعے میں اس سرزمین کے تعلیم یافتہ سماج، دانشور طبقہ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا اس قسم کے واقعات دہائیوں سے پیش آرہے ہیں، دہشتگردی، غلط پالیسیوں اور نوآبادیاتی ذہنیت سے صوبے کا ہر طبقہ متاثر ہے، انہوں نے کہا کہ آج بھی بلوچستان بدستور جبر، ناانصافیوں اور دہشتگردی کا شکار ہے نعشیں گررہی ہیں، عام لوگ اس صورتحال سے نکلنے کیلئے باقاعدہ علمی تحریک کا آغاز کریں، انہوں نے وکلا کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ وکلا حقیقی سیاسی جدوجہد کے نتیجے میں یکجا ہوکر اپنی صفوں میں اتحاد واتفاق کیساتھ اس سرزمین کے سیاسی جدوجہد کا حصہ بن کر معاشرے میں حصول انصاف کیلئے سرگرداں اپنے بھائیوں کا ساتھ دے کر سماج کو اس جبر وانصافی سے نجات دلائیں۔

بقیہ 23

لعدم ایکشن کمیٹی کے ناپاک عزائم کا پردہ چاک کر دیا۔ یوم شہدائے پولیس کے موقع پر مظفرآباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آئی جی آزاد جموں وکشمیر کا کہنا تھا کہ کالعدم تنظیم کے نام نہاد امن پسند کارندوں نے عاقب شہید کی لاش وصول کرنے کیلئے موجود اہلخانہ کو اغواء کیا۔ آئی جی آزاد کشمیر نے کہا کہ باہر بیٹھ کر کشمیر پولیس کو گالیاں دینے والے کالعدم تنظیم کی حقیقت عاقب شہید کے والد سے پوچھیں، شرپسند ٹولے نے شہید کے اہل خانہ کو برہنہ کر کے تشدد کا نشانہ بنایا اور غیر اخلاقی ویڈیوز بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ عاقب شہید نے ایمبولینس میں جام شہادت نوش کیا اور کالعدم کمیٹی نے شہید کی لاش کو چار دن تک روک کے رکھا، زمینی حقائق جانے بغیر پروپیگنڈا کرنے والوں سے سوال ہے کہ بتائیں سینہ چاک کرکے زندہ جلانے والا ظالم تھا یا ملک کا تحفظ کرنے والا؟ آئی جی آزاد کشمیر نے کہا کہ پولیس والے گولیاں لگنے سے زخمی ہو جائیں تو بھی ظالم اور گولیاں مارنے والے مظلوم، یہ کون سا انصاف ہے، کالعدم ایکشن کمیٹی کا ریاست مخالف پروپیگنڈا کر کے آزاد جموں وکشمیر میں انتشار پھیلانے کی مذموم سازش ناکام ہو چکی ہے۔

بقیہ 24

معید یوسف نے قومی سلامتی، معیشت اور نوجوانوں کے کردار پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔ سابق مشیر قومی سلامتی ڈاکٹر معید یوسف نے کہا کہ ترقی یافتہ معاشروں میں مشترکہ عنصر نوجوان نسل کا مثبت کردار، بلند حوصلہ اور مؤثر شمولیت ہے۔ معید یوسف نے کہا کہ جامع قومی سلامتی کا حقیقی تصور ہر شہری کا تحفظ، عزت، سلامتی اور خوشحالی کو یقینی بنانے سے وابستہ ہے، پاکستان کا روشن مستقبل نوجوانوں کی سوچ، قابلیت، محنت اور بلند عزم سے ہی ممکن ہے۔ سابق مشیر قومی سلامتی ڈاکٹر معید یوسف نے طلبہ وطالبات کے سوالات کے تفصیلی جوابات بھی دیئے۔ آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام 2026 طلبہ کی فکری وعلمی تربیت اور مواقع کی فراہمی کیلئے بہترین اقدام ہے۔

بقیہ 25

مقامات کا اچانک دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے زمینی سطح پر تعینات پولیس اہلکاروں کی موجودگی اور پیٹرولنگ ٹیموں کی ارکردگی کا خود معائنہ کیا۔ اپنے اس دورے کے دوران ایس پی ہرنائی نے شہر کے مختلف سیکیورٹی پوائنٹس، ناکوں اور مختلف تھانوں کی پیٹرولنگ ٹیموں کی چیکنگ کی۔ انہوں نے موقع پر موجود پولیس اہلکاروں کی ڈیوٹی اور حاضری کا جائزہ لیتے ہوئے فرائض کی ادائیگی کو احسن طریقے سے انجام دینے کی ہدایات دیں ڈیوٹی پر موجود اہلکاروں سے گفتگو کرتے ہوئے ایس پی عبدالحفیظ جکھرانی نے ہدایت کی کہ شہر میں کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے تمام اہلکار 24 گھنٹے الرٹ رہیں سیکیورٹی کے حوالے سے جاری کردہ ہدایات اور ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے مشکوک افراد اور گاڑیوں پر کڑی نظر رکھی جائے تاکہ جرائم پیشہ عناصر کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔ دورے کے دوران ایس پی انجینئر عبدالحفیظ جکھرانی نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عوام کے جان ومال کا تحفظ اور ضلع میں پرامن فضا قائم رکھنا ہرنائی پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے صاف واضح کیا کہ فرائض کی انجام دہی میں کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی ایس پی ہرنائی کے اس اچانک دورے سے جہاں پولیس محکمے میں مزید چستی اور تحرک دیکھا گیا، وہیں مقامی عوام میں بھی تحفظ اور اطمینان کا احساس بیدار ہوا ہے۔

بقیہ 26

اور فوجی سربراہ رہے وہ پنجاب کے شہر چکوال میں پیدا ہوئے قیام پاکستان کے بعد وہ پاک فوج میں اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے ستمبر 1965ء اور 1971ء میں ہونے والے پاک بھارت جنگوں میں نمایاں خدمات پر انہیں ہلال جرأت، ہلال پاکستان اور ستارہ پاکستان سے نوازا گیا ستمبر 1966ء میں جنرل موسیٰ خان کے بعد یحییٰ خان کو پاک فوج کے تیسرے سربراہ کے طور پر نامزد کیا گیا یحییٰ خان نے ایوب خان کے مستعفی ہونے کے بعد عہدہ صدارت بھی سنبھالا۔ مارچ 1969ء میں یحییٰ خان نے ملک میں باقاعدہ مارشل لاء کا اعلان کردیا ان کے دور حکومت میں سابق ریاست بہاولپور کو پنجاب، کراچی کو سندھ میں شامل کیا گیا۔ 20 دسمبر 1971ء کو یحییٰ خان نے اقتدار پیپلز پارٹی کے چیئرمین ذوالفقار علی بھٹو کے حوالے کردیا۔ وہ دس اگست 1980ء کو خرابی صحت کی بنا پر انتقال کرگئے۔

بقیہ 27

جاں بحق ہوئے تاہم کان انتظامیہ کی جانب سے ان کی موت کو ہارٹ اٹیک قرار دیا جا رہا ہے۔ دوسری جانب شانگلہ کے رہائشی لعل زمین ولد غلام محمد بھی کوئٹہ کی کوئلہ کان میں دوران کام پیش آنے والے حادثے میں جاں بحق ہوگئے۔ ان کی موت کی اطلاع آبائی علاقے پہنچنے پر اہل خانہ اور عزیز واقارب میں صف ماتم بچھ گئی۔ ورثاء اور علاقہ مکینوں نے مطالبہ کیا ہے کہ دونوں واقعات کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور مزدوروں کی ہلاکتوں کی اصل وجوہات سامنے لائی جائیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر محمد فاروق کی موت گیس سے متاثر ہونے یا حفاظتی انتظامات میں غفلت کے باعث ہوئی ہے تو ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ ورثاء نے مزید کہا کہ اگر محمد فاروق کی موت ہارٹ اٹیک کے باعث بھی ہوئی ہو تو وہ دوران مزدوری جان سے گئے ہیں اس لیے ان کے اہل خانہ کو قانون کے مطابق تمام واجبات اور معاوضہ فراہم کیا جائے۔ مزدور رہنماؤں اور متعلقہ یونین سے بھی مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ معاملے کا نوٹس لے کر مرحوم کے یتیم بچوں اور دیگر لواحقین کو ان کا حق دلانے میں کردار ادا کریں۔ علاقہ مکینوں نے حکومت اور محکمہ معدنیات کے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کی کوئلہ کانوں میں شانگلہ کے مزدوروں سمیت تمام کان کنوں کی جانوں کے تحفظ کیلئے مؤثر حفاظتی اقدامات یقینی بنائے جائیں، کانوں میں گیس کی بروقت نشاندہی، نکاسی اور ہنگامی امداد کا مناسب انتظام قائم کیا جائے تاکہ قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کا سلسلہ روکا جاسکے۔

بقیہ 28

احباب سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتی ہے۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان اور دیگر صوبائی، ضلع کوئٹہ اور تحصیل سریاب کے رہنماؤں نے عبدالستار خان حمیدزئی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمانے اور ان کے اہل خانہ، عزیز واقارب اور سوگواران کو صبر جمیل اور سکون قلب نصیب کرنے کی دعا کی ہے۔

بقیہ 29

لدین شاہوانی، مبین شاہ کاکڑ، عبدالمجید رئیسانی اور مراد خان کاکڑ نے گزشتہ روز قلعہ سیف اللہ میں بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صدر ملک شیر علی اور عبدالخالق جوگیزئی کے خلاف بوگس ایف آئی آر کے اندراج اور ان کی گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے منتخب عہدیداران اور ٹرانسپورٹرز کے نمائندوں کے خلاف اس قسم کی کارروائی کسی صورت قابل قبول نہیں۔ این ایچ اے اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ ہے کہ ملک شیر علی اور عبدالخالق جوگیزئی کے خلاف درج ایف آئی آر فوری طور پر ختم کی جائے اور ہمارے دونوں رہنماؤں کو فوری اور مکمل طور پر رہا کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر ہمارے رہنماؤں کے خلاف درج ایف آئی آر واپس نہ لی گئی اور انہیں فوری طور پر رہا نہ کیا گیا تو بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن اپنے آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کرے گی، جس کے تحت N-25 کوئٹہ، ژوب لورالائی، روڈ کو غیر معینہ مدت کے لیے بند کرنے سمیت سخت احتجاجی اقدامات کیے جائیں گے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ رہنماؤں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ معاملے کو فوری طور پر حل کیا جائے اور ٹرانسپورٹرز کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی سے گریز کیا جائے۔

بقیہ 30

ئے لاکھوں روپے اور موبائل فون لوٹ کر فرار ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز تھانہ منظور شہید کی حدود میں مشرقی بائی پاس گنج کے علاقے میں واقع پولٹری کی دکان پر پانچ نامعلوم مسلح ڈاکو داخل ہوئے اور دکان میں موجود لوگوں کو یرغمال بنا کر ان کے قبضے سے تین موبائل فون اور لاکھوں روپے لوٹ کر فرار ہوگئے۔ بڑھتی ہوئی چوری، ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں کی وجہ سے شہری عدم تحفظ کا شکار ہے۔ پولیس نے واقعہ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد کارروائی شروع کردی عوامی حلقوں کی جانب سے حکام بالا سے اپیل کی ہے کہ شہر میں اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں پر قابو پاتے ہوئے ان میں ملوث عناصر کی بیخ کنی کرکے شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 31

خطاب کرتے ہوئے کہی۔ سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے کہا کہ پاکستان اور امریکہ کے تعلقات نے ان 79 سالوں میں بہت سے نشیب وفراز دیکھے ہیں، کبھی یہ تعلقات شدید سردمہری کا شکار بھی رہے، غلط فہمیاں بھی پیدا ہوئیں، لیکن آج یہ تعلقات ماضی کے تمام ادوار سے زیادہ مستحکم اور اپنی بلندیوں پر دکھائی دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس تاریخی بہتری میں جہاں پاکستانی سیاسی و عسکری قیادت کا وژن اور کردار اہم ہے، وہیں ان تعلقات کو مزید بہتر اور پائیدار بنانے میں صحافت کے کردار کو کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے امریکہ میں مقیم پاکستانی صحافیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ امریکی سرزمین پر موجود پاکستانی صحافی دونوں ممالک کے درمیان ایک مضبوط پل کا کردار ادا کر رہے ہیں اور دونوں ممالک کے عوام کو قریب لانے کے لیے قابل قدر خدمات سرانجام دے رہے ہیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مسلز آف امریکہ کے بانی اور ریپبلکن پارٹی کے سینئر رہنما ڈاکٹر ساجد تارڑ نے اپنے خطاب میں کہا کہ اس وقت خطے میں پاکستان کا کردار نہایت اہم اور فیصلہ کن ہو چکا ہے۔ ڈاکٹر ساجد تارڑ نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے ہمیشہ عالمی امن کی کوششوں میں کلیدی کردار ادا کیا ہے، چاہے وہ اقوام متحدہ کے امن مشن ہوں یا خطے میں دہشت گردی کے خلاف جنگ۔ انہوں نے کہا کہ آج ترکی اور سعودی عرب کے ساتھ پاکستان کے دفاعی و سٹریٹیجک معاہدے اس بات کی واضح تصدیق ہیں کہ پاکستان خطے کا اہم ترین اور قابل اعتماد اتحادی بن کر ابھرا ہے۔ انہوں نے حالیہ امریکہ ایران کشیدگی کے تناظر میں بات کرتے ہوئے کہا کہ اس جنگ کے دوران پاکستان نے ہمیشہ ذمہ دارانہ سیاسی اور سفارتی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نازک صورتحال میں امریکی پاکستانی صحافیوں نے بھی انتہائی مثبت اور ذمہ دارانہ صحافتی کردار ادا کیا، حقائق پر مبنی رپورٹنگ سے دونوں ممالک کے درمیان غلط فہمیوں کو دور کرنے میں مدد دی۔ تقریب سے پاکستانی امریکن پریس ایسوسی ایشن کے صدر خرم شہزاد اور جنرل سیکریٹری یوسف چوہدری نے بھی خطاب کیا اور ایسوسی ایشن کی کاوشوں پر روشنی ڈالی۔ تقریب کے دوران امریکہ کے 250 ویں اور پاکستان کے 79 ویں جشن آزادی کی مناسبت سے دونوں ممالک کے قومی ترانے بجائے گئے جس پر شرکا نے کھڑے ہو کر احترام کا اظہار کیا۔ آخر میں پاکستانی امریکن پریس ایسوسی ایشن کی جانب سے صحافت، سماجی اور سیاسی میدان میں نمایاں خدمات کے اعتراف میں صحافیوں اور کمیونٹی رہنماں کو اعزازی ایوارڈز اور شیلڈز سے نوازا گیا۔ یہ تقریب واشنگٹن میں پاکستانی کمیونٹی اور صحافیوں کے درمیان اتحاد اور یکجہتی کی ایک بہترین مثال کے طور پر دیکھی جا رہی ہے۔

بقیہ 32

ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے دلوں میں بستی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں مخلوط صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھارہی ہے اور تاریخ میں پہلی مرتبہ صوبے کے تمام حلقوں کو یکساں بنیادوں پر ترقیاتی فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے اور صوبے میں اربوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہسپتالوں میں ڈاکٹروں کی حاضری کو یقینی بنایا اور ہسپتالوں میں داخل ہونے والے مریضوں کو 100 فیصد مفت ادویات فراہم کی جارہی ہیں اسی طرح عوام کو آرام دہ سفری سہولیات فراہم کرنے کیلئے کوئٹہ میں گرین بس اور خواتین کیلئے پنک بس سروس شروع کی گئی اسکے بعد اب گرین بس سروس کا دائرہ کار صوبے کے دیگر علاقوں تک پھیلایا جارہا ہے جبکہ کوئٹہ سے جلد ہی کچلاک تک پیپلز ٹرین سروس کا بھی آغاز کیا جارہا ہے جس سے عوام کو سستی سفری سہولت میسر آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکن صوبے میں پارٹی کی فعالیت میں اپنا کردار ادا کریں اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں۔

بقیہ 33

کے عملے نے 2 ملزمان، 5 افغان مہاجرین کو حراست میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی شہید جمیل کاکڑ تھانے کے عملے نے اشتہاری ملزم ایاز کو گرفتار کرلیا جبکہ ہزارہ ٹاؤن تھانے کے عملے نے ملزم فرحان کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ، پسٹل بمعہ راؤنڈز برآمد کرلی۔ دوسری کارروائی میں غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 5 افغان باشندوں کو گرفتار کرلیا اس کے علاوہ چیکنگ کے دوران 2 گاڑیوں سے کالے شیشے اور 8 موٹر سائیکلوں کے خلاف بغیر نمبر پلیٹ کے کارروائی کی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 34

بلز کی وصولی کے لیے ڈاکخانوں کی بندش پر شدید تشویش اور سخت احتجاج کا اظہار کیا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ سریاب کوئٹہ کا ایک گنجان آباد اور وسیع علاقہ ہے، مگر افسوس کہ یہاں عوام کو بنیادی سرکاری سہولیات کی فراہمی کے بجائے آئے روز مشکلات کے نئے پہاڑ کھڑے کیے جا رہے ہیں۔ خصوصاً بجلی، گیس اور دیگر یوٹیلیٹی بلز کی ادائیگی کے معاملے میں شہری شدید اذیت سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی اور گیس کے بھاری بھرکم بل غریب اور متوسط طبقے کے شہریوں کے لیے پہلے ہی ناقابل برداشت بن چکے ہیں۔ جب کوئی صارف متعلقہ ادارے سے اپنا بل اقساط میں تبدیل کرواتا ہے تو اس کے بعد مقررہ قسط جمع کرانے کے لیے پوسٹ آفس پہنچتا ہے، مگر وہاں اسے معلوم ہوتا ہے کہ متعلقہ ڈاکخانہ بل وصول کرنے کی سہولت سے محروم کردیا گیا ہے۔ رہنماں نے کہا کہ مزید ستم یہ ہے کہ جب شہری متبادل کے طور پر بینک کا رخ کرتے ہیں تو بعض مقامات پر بینک بھی یوٹیلیٹی بل وصول کرنے سے انکار کردیتے ہیں۔ ایسے حالات میں ایک عام شہری آخر کہاں جائے؟ کیا وہ دن بھر سرکاری دفاتر اور بینکوں کے چکر کاٹتا رہے؟ کیا بزرگ، خواتین، مزدور اور کم آمدنی والے افراد اس اذیت کے مستحق ہیں؟ انہوں نے کہا کہ محکمہ ڈاک اور متعلقہ یوٹیلیٹی اداروں کی باہمی عدم رابطگی کا خمیازہ عوام کیوں بھگتیں؟ اگر کسی علاقے کے ڈاکخانے میں بل وصول کرنے کی سہولت ختم کی گئی ہے تو عوام کو باقاعدہ متبادل انتظام فراہم کیا جائے، بصورت دیگر یہ عمل شہریوں کو دانستہ طور پر مشکلات میں دھکیلنے کے مترادف ہے۔ جمعیت علما اسلام کے رہنماں نے پاکستان پوسٹ کے پوسٹ ماسٹر جنرل (PMG)، ڈائریکٹر جنرل پوسٹل سروسز (DG)، چیف پوسٹ ماسٹر اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ سریاب کے تمام ڈاکخانوں کی صورتحال کا فوری جائزہ لیا جائے، بند یا غیر فعال ڈاکخانوں کو فوری طور پر فعال کیا جائے اور یوٹیلیٹی بلز کی وصولی کا مؤثر، مستقل اور آسان انتظام بحال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو سہولت فراہم کرنا ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہے، عوام کو دربدر کرنا نہیں۔ اگر کسی انتظامی یا مالی مسئلے کی وجہ سے ڈاکخانوں میں یوٹیلیٹی بلز کی وصولی متاثر ہو رہی ہے تو اس مسئلے کو فوری طور پر حل کیا جائے۔ غریب شہریوں کو بل جمع کرانے کے لیے ایک دفتر سے دوسرے دفتر بھیجنا ناقابل قبول ہے۔ رہنماؤں نے خبردار کیا کہ اگر DG، PMG/ Postal Services اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے فوری طور پر اس سنگین عوامی مسئلے کا نوٹس نہ لیا اور سریاب کے ڈاکخانوں میں یوٹیلیٹی بلز کی وصولی بحال نہ کی تو جمعیت علما اسلام حلقہ سریاب اس معاملے کو ہر متعلقہ فورم پر بھرپور انداز میں اٹھانے اور عوام کے حق کے لیے احتجاج کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوگی، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سریاب کے عوام خاموش ضرور ہیں لیکن اپنے بنیادی حقوق سے دستبردار نہیں ہوں گے۔ حکومت اور محکمہ ڈاک کو چاہیے کہ عوامی مشکلات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے فوری عملی اقدامات کرے، محض زبانی یقین دہانیوں اور کاغذی کارروائی سے مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ جمعیت علما اسلام حلقہ سریاب نے مطالبہ کیا کہ اعلیٰ حکام فوری طور پر انکوائری کمیٹی تشکیل دے کر سریاب کے تمام ڈاکخانوں میں یوٹیلیٹی بلز کی وصولی، سہولیات کی دستیابی اور بندش کی وجوہات سامنے لائیں اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے عوام کو فوری ریلیف فراہم کریں۔

بقیہ 35

بنائیں جن میں گوادر کے 174، جھل مگسی 3، قلات 5، خضدار 12، مستونگ 1، منگچر 1، پشین 1، شیرانی 1، سوراب 11 اور واشک کے 9 اہلکار شامل ہیں اگر انہوں نے آمد نہیں کروائی تو بصورت دیگر ان کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی جو کہ نوکری سے برخاستگی بھی ہوسکتی ہے۔

بقیہ 36

سیاست، جمہوریت اور جمہوری نظام کی بات کرنے والے پارٹیوں، انکے رہبری کے صف اول کے لیڈرز کو ہراساں کرنے کا عمل مسلسل جاری ہے۔ جو صرف اور صرف نفرت پیدا کرنے کے سوا کچھ نہیں۔ پشتونخوامیپ ایسے ناروا، غیر آئینی، غیر قانونی اقدامات کو ہرصورت میں بند کرنے اور واقعہ میں ملوث پولیس افیسران ودیگر ذمہ داران کو قرار واقعی سزا دینے کا مطالبہ کرتی ہے تاکہ آئندہ ملکی سطح کے سیاسی اکابرین کے خلاف ایسے ناروا اقدامات کا خاتمہ ہوسکیں۔

بقیہ 37

(ر) محمد حبیب شجاع کی ہدایت پر منعقدہ فٹبال میچ میں کوئٹہ اور لورالائی کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ میچ کے انعقاد کا مقصد تینوں برادر ممالک پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان اخوت، یکجہتی اور باہمی تعاون کے جذبے کو اجاگر کرنا اور تاریخی معاہدے کی خوشی منانا تھا ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے کہا کہ مکہ مکرمہ میں 7 اگست 2026 کو طے پانے والا مشترکہ دفاعی معاہدہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مضبوط برادرانہ تعلقات اور مشترکہ سلامتی کے عزم کا مظہر ہے۔ یہ معاہدہ خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے انہوں نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے ساتھ ساتھ معاشرے میں اتحاد، بھائی چارے، برداشت اور ہم آہنگی کے فروغ کا مؤثر ذریعہ ہیں۔ لورالائی میں خصوصی فٹبال میچ کا انعقاد اسی جذبے کی عکاسی کرتا ہے کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے عوام کے درمیان محبت اور بھائی چارے کے دیرینہ رشتے قائم ہیں اور ایسے مثبت اقدامات ان تعلقات کو مزید اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ لورالائی نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کے لیے بھرپور مواقع فراہم کرتی رہے گی اس موقع پر کھلاڑیوں اور شائقین نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دوستی، اتحاد اور بھائی چارے کے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے امن، استحکام اور خوشحالی کے پیغام کو اجاگر کیا۔

بقیہ 38

ورتعاون کی جانب یہ ایک اہم پیش رفت ہے۔ دنیا کی مختلف اقوام اور ممالک نے اپنے باہمی تحفظ اور مفادات کے لیے اتحاد اور معاہدات قائم کیے ہیں۔ یورپی اتحاد اور نیٹو اس کی نمایاں مثالیں ہیں، جبکہ دفاعی اور عسکری قوت کا بڑا حصہ آج غیر مسلم دنیا کے اتحادوں کے پاس ہے۔ مولانا عصمت اللہ سالم نے کہا کہ اسلام کی تعلیمات کے مطابق مسلمان ایک ملت اور ایک جسد واحد کی حیثیت رکھتے ہیں۔ قرآن وسنت ہمیں باہمی اخوت، تعاون اور ایک دوسرے کی مدد کا درس دیتے ہیں۔ گزشتہ تجربات سے بھی یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ مسلمان اپنے دفاع اور تحفظ کے لیے صرف دوسروں پر انحصار نہیں کر سکتے، انہیں باہمی تعاون اور اتحاد کی اپنی مضبوط بنیاد قائم کرنا ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے درمیان یہ اتحاد صرف تین ممالک تک محدود نہیں رہنا چاہیے، بلکہ وقت کے ساتھ ساتھ تمام مسلم ممالک کو اس دائرے میں شامل کرنے کی کوشش کی جانی چاہیے۔ مسلم ممالک ایک دوسرے کی خودمختاری اور وقار کا احترام کریں، اور اگر باہمی اختلافات پیدا ہوں تو انہیں طاقت یا محاذ آرائی کے بجائے مذاکرات، گفت وشنید اور پرامن سفارتی ذرائع سے حل کیا جائے۔ انہوں نے تاریخ اسلام کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ خلافت راشدہ کے دور سے لے کر سلطنت عثمانیہ کے خاتمے تک مسلمانوں کو ایک مرکزی سیاسی قوت اور اجتماعی نظام کی صورت میں عروج، شوکت اور اثر ورسوخ حاصل رہا۔ بعد ازاں مختلف سازشوں، سیاسی حالات اور اندرونی و بیرونی عوامل کے نتیجے میں امت مسلمہ مختلف حصوں میں تقسیم ہوتی گئی

میثاق مکہ دیر آید، درست آید کے مصداق مسلم ممالک کے درمیان باہمی دفاع اور تعاون کی جانب یہ ایک اہم پیش رفت ہے

مسلم ممالک ایک دوسرے کی خودمختاری اور وقار کا احترام کریں، مرکزی جمعیت اہلحدیث

مسلمان اپنے دفاع اور تحفظ کیلئے صرف دوسروں پر انحصار نہیں کر سکتے! انہیں باہمی تعاون اور اتحاد کی اپنی مضبوط بنیاد قائم کرنا ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی جمعیت اہلحدیث بلوچستان کے نائب امیر وسیکرٹری اطلاعات مولانا عصمت اللہ سالم نے مکہ مکرمہ (میثاق مکہ) حرم مقدس میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے مابین طے پانے والے دفاعی معاہدے کو امت مسلمہ کے دیرینہ ارمانوں، جذبات امنگوں اور اتحاد کی عکاسی قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میثاق مکہ دیر آید درست آید کے مصداق مسلم ممالک کے درمیان باہمی دفاع (باقی صفحہ 3 نمبر38)

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ دفاعی معاہدے کا خیرمقدم کرتے ہیں، سردار سربلند جوگیزئی

پیپلز پارٹی کی پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ دفاعی معاہدے کا خیرمقدم

مکہ مکرمہ کا دفاعی معاہدہ پاکستان کیلئے نئی سفارتی، دفاعی اور معاشی شراکت داری کے دروازے کھولنے کا اہم موقع ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ دفاعی معاہدے کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی معاہدہ عالم اسلام کے اتحاد کے لیے تازہ ہوا کا جھونکا ہے تینوں ممالک کا اکٹھے ہونا اپنے خطے کو امن میں رکھنے کیلئے ہے تینوں ممالک آئندہ مل کر ایک دوسرے کا تحفظ اور حفاظت کریں گے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر1)

پشاور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن مرکز اسلامی پشاور میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بی سی پیک ونگ میں ضم لیویز کے 218 اہلکار نہ آئے تو انہیں نوکری سے برخاست کیا جائے گا، بی سی حکام

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کانسٹیبلری کے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ حکام بالا کے احکامات کے مطابق ان تمام 218 لیویز کے جوانان جن کو بلوچستان کانسٹیبلری کے سی پیک ونگ میں آمد کروائی ہے وہ 5 روز کے اندر اندر محکمہ کانسٹیبلری اور متعلقہ یونٹ میں اپنی آمد کو یقینی (باقی صفحہ 3 نمبر35)

تمام کارکنان آپس میں اتحاد و محبت قائم رکھیں، مولانا عبدالوحید لہڑی

موجودہ حالات میں کارکنان اور ذمہ داران پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام یونٹ حضرت امروٹی رحمہ اللہ، کلی باریزئی لہڑی آباد کے امیر مولانا عبدالوحید لہڑی، جنرل سیکرٹری مولانا فداء اللہ لہڑی، نائب امیر اول مولانا محمد فاضل کمندان اور سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد ارسلان لہڑی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام ایک نظریاتی، دینی، جمہوری اور عوامی جماعت ہے جو ملک میں آئین وقانون کی بالادستی، اسلامی اقدار کے تحفظ، جمہوریت کے استحکام اور عوام کے بنیادی حقوق کے لیے ہمیشہ جدوجہد کرتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں کارکنان اور ذمہ داران پر بھاری ذمہ (باقی صفحہ 3 نمبر2)

سریاب کے اکثر ڈاکخانے یوٹیلیٹی بلز کی وصولی کیلئے بند، عوام شدید مشکلات کا شکار

بجلی وگیس کے بھاری بل اقساط میں کروانے کے بعد بھی پوسٹ آفس کے دروازے بند

مولانا عطاءاللہ رحمانی کا بینک بل لینے سے انکاری، محکمہ ڈاک کی ناقص حکمت عملی نے شہریوں کو خوار کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام حلقہ سریاب، مولانا عبیداللہ سندھی یونٹ کلی سردہ کے امیر مولانا عطاءاللہ رحمانی، مفتی ممتاز احمد عثمانی، مفتی نیاز محمد قلندر، مفتی عبدالقیوم، قاری سمیع اللہ، مولوی ثناء اللہ، حافظ عبدالرزاق، مولوی حبیب اللہ، قاری محمد ارشاد اکمل اور دیگر سینئر اراکین نے مجلس شوریٰ و عاملہ کے اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سریاب میں یوٹیلیٹی (باقی صفحہ 3 نمبر34)

انتظامیہ لورالائی نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کیلئے بھرپور مواقع فراہم کرتی رہے گی، ڈی سی لورالائی

لورالائی (خ ن) پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مکرمہ میں طے پانے والے تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدے کی خوشی میں ضلعی انتظامیہ لورالائی کے زیر اہتمام بوائز کالج فٹبال گراؤنڈ لورالائی میں ایک خصوصی فٹبال میچ کا انعقاد کیا گیا ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (باقی صفحہ 3 نمبر37)

ہوٹل والے کراچی میں محنت مزدوری کر کے اپنے بچوں کا پیٹ پالتے ہیں، رحیم آغا

بدقسمتی پولیس کی جانب سے غنڈوں جیسا سلوک کیا گیا جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہیں

کوئٹہ (آن لائن) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری ولی افغان ترین، حاجی نصرالدین کاکڑ، میر محمد رحیم بنگلزئی، حاجی یعقوب شاہ کاکڑ، سید حیدر آغا، حاجی فاروق شاہوانی، خان کاکڑ، حاجی داود خلجی، سید شفیع آغا، سردار سجاد شاہوانی، اسد خان ترین ملک محمد حسین شاہوانی، زبیر احمد لہڑی، حاجی عبدالہادی نورزئی، ولی محمد ترین، اقبال کاکڑ، اسد خان اچکزئی سید روح اللہ آغا، اکمل خان، بخت محمد کاکڑ و دیگر عہدیداروں نے کراچی میں بے گناہ ہوٹل والوں پر پولیس کی جانب سے فائرنگ کرنا ہوٹل والوں زدوکوب کرنا ان پر سخت تشدد کرنا او (باقی صفحہ 3 نمبر39)

سیاسی جمہوری اکابرین کو ہراساں کرنے کا عمل آج بھی جاری ہے، پشتونخوامیپ

کراچی میں سردار اختر جان مینگل کے محافظوں کی فلیٹ پر سیکورٹی فورسز کے داخل ہونے اور عملے کی تشدد کی مذمت

ہر صورت میں بند کرنے اور واقعہ میں ملوث پولیس افسیران و دیگر ذمہ دارن کو قرار واقعی سزا دینے کا مطالبہ کرتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کے محافظوں کے کراچی میں موجود فلیٹ میں سیکورٹی فورسز کا اندر داخل ہونا وہاں موجود گارڈز کو زدوکوب کرنے کے عمل کو ملکی آئین کے انسانی حقوق کے شقات کی کھلی خلاف ورزی اور قانون پامالی قرار دیتے ہوئے اس کی مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ (باقی صفحہ 3 نمبر36)

جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عمومی کا اہم اجلاس

یہ تعاون اسلامی دنیا کے مشترکہ مفادات، امن واستحکام اور باہمی دفاعی قوت کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا

امن وامان اور تنظیمی صورتحال پر تفصیلی غور، پاک سعودی عرب وترکیہ دفاعی تعاون کا خیرمقدم، اسلامی ممالک کے مزید اتحاد پر زور

پشین (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عمومی کا ایک اہم اور اجلاس پشین میں صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کے زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں صوبے کے تمام اضلاع سے مجلس عمومی کے اراکین نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں صوبے کی مجموعی امن وامان کی صورتحال، ملکی و بین الاقوامی سیاسی حالات، عوام کو درپیش مسائل، تنظیمی امور اور جماعت کی آئندہ سیاسی حکمت عملی سمیت مختلف (باقی صفحہ 3 نمبر3)

کوئٹہ پولیس کی سنیچرز، بغیر نمبر پلیٹ کے موٹر سائیکلوں کے خلاف کارروائی

8 موٹر سائیکلوں کے خلاف بغیر نمبر پلیٹ کے کارروائی کی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے اشتہاری، سنیچرز، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں، افغان مہاجرین اور کالے شیشے والی گاڑیوں، بغیر نمبر پلیٹ کے موٹر سائیکلوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے شہید ڈی ایس پی جمیل کاکڑ تھانہ اور ہزارہ ٹاؤن تھانے (باقی صفحہ 3 نمبر33)

AGREEMENT
MAKKAH JOINT DEFENCE AGREEMENT
PEACE SECURITY STABILITY
MAKKAH JOINT DEFENCE AGREEMENT

قلعہ سیف اللہ کے مختلف مقامات پر پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے دفاعی معاہدے کے خیرمقدمی بینرز آویزاں کر دیے گئے ہیں

مسائل کے حل کی بھرپور کوشش کریں گے، چوہدری نوید

ہم آپ کو مسلم لیگ کے لیبر ونگ میں شمولیت کی پرجوش دعوت دیتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ بلوچستان کے صوبائی صدر چوہدری نوید احمد، صوبائی جنرل سیکرٹری وحید کاسی صوبائی نشرو اشاعت عامر شیخ، صوبائی نائب صدر محمد اعظم جدون، لیبر ونگ کے سینئر رہنماء عاصم جٹ نے گزشتہ روز پی ایم سی یونین کے صدر محترم ملک غلام حسین بنگلزئی صاحب کے گھر جا کر ملاقات کی۔ اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ (ن) (باقی صفحہ 3 نمبر4)

کوئٹہ، مشرقی بائی پاس پر 5 نامعلوم مسلح نقاب پوش ڈاکوؤں کی پولٹری کی دکان پر ڈکیتی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر 5 نامعلوم مسلح نقاب پوش ڈاکوؤں نے پولٹری کی دکان پر ڈکیتی کرتے ہو (باقی صفحہ 3 نمبر30)

ٹرانسپورٹرز کے معاملے کو فوری طور پر حل زیادتی سے گریز کیا جائے، حاجی نور محمد شاہوانی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی، ظاہر شاہ، سہیل خان، عطاء اللہ خان کاکڑ، محمد امین سومالانی، داود خان کرد، سیف ا (باقی صفحہ 3 نمبر29)

بلوچستان نوگو ایریا بن چکے ہیں، مولانا قاری مہر اللہ

عوام کی عزتیں مال و جان سب کچھ داؤ پر لگ چکی ہے، مولانا محمود الحسن

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کونسلر مولانا قاری مہر اللہ ڈپٹی کونسلر مولانا محمود الحسن قاسمی نائب امیر سید عبدالستار شاہ چشتی میر مبارک محمد حسنی مولانا شاہ محمد مولانا رحمت اللہ حقانی مفتی عبدالناصر مولانا امان اللہ مولانا عبدالحنان مولانا عبدالمالک حاجی شیر جان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں بدامنی کا دوردورہ ہے بدن (باقی صفحہ 3 نمبر5)

عبدالستار حمید زئی ٹریفک حادثے میں وفات پا گئے، پشتونخوامیپ کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ایک مخلص رکن، عبدالستار خان حمید زئی کوئٹہ-کراچی شاہراہ پر پیش آنے والے ایک ٹریفک حادثے میں وفات کر گئے ہیں۔ پارٹی ان کے معزز اہل خانہ، عزیز واقارب اور دوست (باقی صفحہ 3 نمبر28)

شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے، ڈی سی پشین

پاکستان کے سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ دیرینہ برادرانہ اور دوستانہ تعلقات قائم ہیں

پشین (خ ن) ڈپٹی کمشنر پشین منصور قاضی کی ہدایت پر پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدے کے خیر مقدم اور تینوں برادر ممالک سے یکجہتی کے اظہار کے لیے ضلع پشین کے مختلف ضلعی دفاتر میں بینرز اور پینافلیکس آویزاں کر دیے گئے۔ اس اقدام کا مقصد تینوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات، باہمی اعتماد اور دفاعی تعاون کے فر (باقی صفحہ 3 نمبر6)

کوئلہ کانوں میں مختلف حادثات میں شانگلہ کے 2 مزدور جاں بحق

محمد فاروق کان کے اندر گیس سے متاثر ہونے کے باعث جاں بحق ہوئے، ورثا کا دعویٰ

کانوں میں گیس کی بروقت نشاندہی، نکاسی اور ہنگامی امداد کا مناسب نظام قائم کیا جائے

شانگلہ / کوئٹہ (آن لائن) کوئلہ کانوں میں مختلف حادثات میں شانگلہ کے 2 مزدور جاں بحق ہو گئے ہیں، میتوں کو شانگلہ پہنچانے کے بعد مقامی قبرستانوں میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ گزشتہ روز بلوچستان کی کوئلہ کانوں میں مختلف حادثات کے نتیجے میں شانگلہ سے تعلق رکھنے والے دو محنت کش مزدور جاں بحق ہو گئے جس پر دونوں خاندانوں سمیت علاقے میں غم کی فضا چھا گئی۔ فیض آباد الپوری کے رہائشی محمد فاروق بستی خیل مائن میں دوران مزدوری جاں بحق ہوئے۔ ورثاء کا دعویٰ ہے کہ محمد فاروق کان کے اندر گیس سے متاثر ہونے کے باعث (باقی صفحہ 3 نمبر27)

پاکستان کے سابق صدر یحییٰ خان کی 46ویں برسی (آج) پیر کو منائی جائے گی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے سابق صدر یحییٰ خان کی 46ویں برسی 10 اگست پیر کو منائی جائے گی۔ یحییٰ خان مارچ 1969ء سے دسمبر 1971ء تک پاکستان کے صدر (باقی صفحہ 3 نمبر26)

ایس پی ہرنائی کا بازار کا اچانک دورہ کر کے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ

ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کیلئے تمام اہلکار 24 گھنٹے الرٹ رہیں، عبدالحفیظ جکھرانی

ہرنائی (خ ن) ضلع میں امن وامان کو برقرار رکھنے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ہرنائی پولیس مکمل طور پر الرٹ نظر آرہی ہے۔ اسی سلسلے میں ایس پی ہرنائی، انجینئر عبدالحفیظ جکھرانی نے گزشتہ رات ہرنائی بازار کا اچانک دورہ کر کے سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ضلع میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے اور پولیس نفری کی الرٹنس کو پرکھنے کے لیے ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جکھرانی نے رات گئے ہرنائی بازار اور شہر کے مختلف حساس (باقی صفحہ 3 نمبر25)

آئی جی آزاد جموں وکشمیر کا خطاب، کالعدم ایکشن کمیٹی کا مذموم ایجنڈا بے نقاب

مظفرآباد (آن لائن) آئی جی آزاد جموں وکشمیر نے اپنے خطاب میں کالعدم ایکشن کمیٹی کا مذموم ایجنڈا بے نقاب کر دیا۔ آئی جی آزاد جموں وکشمیر کیپٹن (ر) لیاقت علی ملک نے کا (باقی صفحہ 3 نمبر23)

پاکستان کا روشن مستقبل نوجوانوں کی سوچ، قابلیت، محنت اور بلند عزم سے ہی ممکن ہے، ڈاکٹر معید یوسف

اسلام آباد (آن لائن) سابق مشیر قومی سلامتی ڈاکٹر معید یوسف نے کہا ہے کہ پاکستان کا روشن مستقبل نوجوانوں کی سوچ، قابلیت، محنت اور بلند عزم سے ہی ممکن ہے۔ آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام 2026 کامیابی سے جاری ہیں، اس موقع پر ڈاکٹر معید یوسف کی طلبہ وطالبات کیساتھ خصوصی نشست ہوئی۔ آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام میں پاکستان بھر کے 21 اسٹیشنز پر 6150 سے زائد طلبہ وطالبات شریک ہیں۔ سابق مشیر قومی سلامتی ڈاکٹر (باقی صفحہ 3 نمبر24)

غلط پالیسیوں اور نوآبادیاتی ذہنیت سے صوبے کا ہر طبقہ آج بھی متاثر ہے، سینئر سیاست دان وسابق سینیٹر

بلوچستان بدستور جبر، ناانصافیوں اور دہشتگردی کا شکار ہے، لشکری رئیسانی

اس سرزمین کے تعلیم یافتہ سماج، دانشور طبقہ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا اس قسم کے واقعات دہائیوں سے پیش آ رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاست دان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ آٹھ اگست کو پیش آنے والے دہشتگردی کے واقعے میں اس سرزمین کے تعلیم یافتہ سماج، دانشور طبقہ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا، دہشتگردی، غلط پالیسیوں اور نوآبادیاتی ذہنیت سے صوبے کا ہر طبقہ آج بھی متاثر ہے اس سے نجات کیلئے سرزمین کے لوگ علمی تحریک کا آغاز کریں۔ اپنے بیان میں نوابزادہ حاجی میر لشکری خان ر (باقی صفحہ 3 نمبر22)

کوئٹہ، سیکرٹری سوشل ویلفیئر عصمت اللہ قریشی، بلوچستان ریفارم سوشل نیٹ ورک کے وائس چیئرمین حاجی اسحاق مینگل، سہیل بیگ اور دیگر گونگے اور بہروں کے ٹریننگ سکول اینڈ کالج سینٹر کے دورے کے موقع پر ملیحہ حسین بریفنگ دے رہی ہیں

کوئٹہ سے جلد ہی کچلاک تک پیپلز ٹرین سروس کا بھی آغاز کیا جا رہا ہے، اختر بلوچ

پینے کے صاف پانی سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما اختر بلوچ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت عوام کو صحت، تعلیم، سڑک کی بہترین سہولیات، پینے کے صاف پانی سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے پہلی مرتبہ تمام ارکان اسمبلی کو یکساں بنیادوں پر ترقیاتی فنڈز فراہم کیے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں اختر بلوچ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی نمائندہ سیاسی وجمہوری جماعت ہے جس نے ہمیشہ عوام کی بلاتفریق رنگ ونسل خدمت کی ہے یہی وجہ (باقی صفحہ 3 نمبر32)

ڈیرہ مراد جمالی شہر کے مختلف سرکاری دفاتر اور عوامی مقامات پر پینافلیکس آویزاں کر دیے گئے

ڈیرہ مراد جمالی (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر آفس نصیر آباد سمیت ڈیرہ مراد جمالی شہر کے مختلف سرکاری دفاتر اور عوامی مقامات پر پینافلیکس آویزاں کر دیے گئے، جبکہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے قومی پرچم بھی لہرا دیے گئے (باقی صفحہ 3 نمبر9)

قلعہ سیف اللہ کے اہم مقامات پر پینافلیکس آویزاں

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مشترکہ دفاعی معاہدے کا خیرمقدم

قلعہ سیف اللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ ساگر کمار کی ہدایت پر پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والے تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدے کے خیرمقدم میں ضلع بھر کے اہم مقامات پر پینافلیکس آویزاں کر دیے گئے۔ پینافلیکس کے ذریعے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات، باہمی اعتماد اور دفاعی تعاون کے فروغ کو اجاگر کیا گیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد تینوں برادر ممالک کے درمیان مضبوط تعلقات اور تاریخی دفاعی شراکت داری کے حوالے سے عوامی جذبات کی عکاسی کرنا ہے ڈپٹی کمشنر ساگر (باقی صفحہ 3 نمبر8)

طالبان رجیم نے افغانستان کی معدنی دولت کو قومی خزانے کے بجائے اپنی تجوری بنالیا

واشنگٹن (آن لائن) امریکی تھنک ٹینک جیمز ٹاؤن نے افغان طالبان رجیم کی بدعنوانی کی ایک اور داستان سے پردہ اٹھا دیا۔ طالبان رجیم نے افغانستان کی معدنی دولت کو قومی خزانے کے بجائے اپنی تجوری بنا لیا۔ طالبان رجیم افغانستان کی ایک ٹریلین ڈالر سے زائد (باقی صفحہ 3 نمبر21)

اسلام آباد: مکہ معاہدے کے تناظر میں اسلام آباد پولیس کا شاندار فلیگ مارچ کیا جا رہا ہے

نادرا کا جعلی اور مشکوک شناختی کارڈز کے خلاف کریک ڈاؤن، مزید 741 افراد کو نوٹس جاری

اسلام آباد (آن لائن) نادرا نے جعلی اور مشکوک شناختی دستاویزات کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کر دیا۔ افغان مہاجرین کی جانب سے مبینہ طور پر غیر قانونی طریقے سے پاکستانی شناختی کارڈز بنوانے کا انکشاف ہوا ہے۔ نادرا نے پنجاب سے تعلق رکھنے والے مزید 741 مشکوک (باقی صفحہ 3 نمبر10)

بلوچستان میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج میں تاریخی بہتری

ڈاکٹر کمالان گچکی کی مؤثر حکمت عملی اور مربوط ٹیم ورک نمایاں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں بچوں کے حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج میں نمایاں بہتری کے نتائج سامنے آنے شروع ہو گئے۔ گزشتہ دنوں آغا خان یونیورسٹی پاکستان کے زیر نگرانی کیے گئے غیر جانبدار تھرڈ پارٹی ویریفیکیشن سروے (TPVICS) راؤنڈ 3، 2026 کے مطابق بلوچستان میں حفاظتی ٹیکہ جات کا مکمل کورس حاصل کرنے والے بچوں کی شرح 38 فیصد سے بڑھ کر 6.56 فیصد ہو گئی، جبکہ زیرو ڈوز بچوں، یعنی ایسے بچے جنہیں کبھی کوئی حفاظتی ٹیکہ نہیں لگا، کی شرح میں 3.20 فیصد پوائنٹس کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ یہ پیش رفت بلوچستان میں ڈسٹینکشن (باقی صفحہ 3 نمبر11)

ڈپٹی کمشنر حب کی زیر صدارت ریونیو امور سے متعلق اجلاس

سرکاری امور میں بہتری ضلعی انتظامیہ حب کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں

حب (خ ن) ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان مندوخیل کی زیر صدارت ریونیو امور سے متعلق اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس حب میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایکسین محکمہ آبپاشی وشہری نظام، ضلع حب کے تمام اسسٹنٹ کمشنرز، تحصیلداران، نائب تحصیلداران اور محکمہ ریونیو کے متعلقہ افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع حب میں ریونیو سے متعلق امور، سرکاری محصولات کی وصولی، عوام کو ریونیو خدمات کی فراہمی، پرائس کنٹرول، (باقی صفحہ 3 نمبر7)

مرکزی صدر پی ٹی آئی چودھری پرویز الٰہی کا چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان کو ٹیلیفون

لاہور (آن لائن) مرکزی صدر پی ٹی آئی چودھری پرویز الٰہی کا چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان کو ٹیلیفون کیا اور چودھری پرویز الٰہی اور مونس الٰہی نے بیرسٹر گوہر علی خان کی والدہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ ماں جیسی شفیق ہستی کا سایہ سر سے (باقی صفحہ 3 نمبر19)

صفائی کی صورتحال ابتر، جراثیم کش سپرے نہ ہونے سے متعدی امراض پھیلنے کا خدشہ

کوئٹہ شہر میں آوارہ، باولے کتے شہریوں کیلئے وبال جان بن گئے، فوری اقدامات کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ شہر میں صفائی کی بدترین صورتحال، کچرے کے بڑھتے ہوئے ڈھیر، جراثیم کش سپر (باقی صفحہ 3 نمبر20)

اسرائیل دہشتگردی اور جارحیت عالم اسلام کیلئے عظیم خطرے کا باعث بن رہی ہے، مولانا عبدالقادر لونی

غلط پالیسیوں سے امت مسلمہ بدامنی اور بحران سے دوچار ہو رہی ہے

جمعیت کے منشور میں تمام عالم اسلام کیا تحادواتفاق اور تمام ممالک کیمشترکہ کرنسی تجارت دفاع کے نکتہ شامل ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی کنوینر مفتی شفیع الدین مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی ن مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی فنانس سیکرٹری حاجی حیات اللہ کاکڑ اور مرکزی نے سعودی عرب ترکی پاکستان کے دفاعی معاہدہ مکہ کی خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت کے منشور میں تمام عالم اسلام کیا تحادواتفاق (باقی صفحہ 3 نمبر18)

کوئٹہ، حکومت بلوچستان کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدے کی یاد میں زرغون روڈ پر بینرز آویزاں کیے گئے ہیں

ٹول پلازے پر ٹرک ڈرائیوروں پر تشدد قابل مذمت ہے، پشتونخوامیپ

ایف آئی آر کا اندراج اور گرفتاریوں کا راستہ اختیار کرنا مسئلے کا حل نہیں، دارا خان جوگیزئی

قلعہ سیف اللہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع قلعہ سیف اللہ کے جاری کردہ بیان میں قلعہ سیف اللہ شہر کے دہانے پر ٹول پلازہ پر ٹرک ڈرائیوروں کو شدید زدوکوب کرنے اور ٹرک ایسوسی ایشن کے خلاف بے بنیاد ایف آئی آر اور گرفتاریوں کی مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کیا گیا ہے کی پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع قلعہ سیف اللہ نے ٹرک ایسوسی ایشن کے خلاف درج کی گئی ناجائز ایف آئی آر اور ایسوسی ایشن کے ذمہ داران کی غیر قانونی گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے عوامی حقوق پر کھلا وار قرار دیا ہے۔ ضلعی صدر نوابزادہ حاجی دارا خان (باقی صفحہ 3 نمبر12)

مقررہ اوقات میں غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں، ضلعی انتظامیہ

سوراب (خ ن) ضلعی انتظامیہ سوراب نے ضلع سوراب میں امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے 09 اگست سے 15 اگست 2026 تک روزانہ شام 00:8 بجے سے صبح 00:9 بجے تک کرفیو نافذ رہے گا۔ ضلعی انتظامیہ (باقی صفحہ 3 نمبر13)

کوئٹہ میں ''Fun for Run'' میراتھن ریس کا انعقاد

وزیراعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر جشن آزادی کی تقریبات کا سلسلہ جاری

کھیلوں کی یہ سرگرمیاں جشن آزادی 14 اگست کے بعد بھی جاری رہیں گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات پر جشن آزادی کے سلسلے میں صوبے بھر میں مختلف تقریبات اور کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد بھرپور جوش وجذبے سے جاری ہے، اسی سلسلے میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں محکمہ کھیل و امور نوجوانان بلوچستان کے زیر اہتمام ''Fun for Run'' کے عنوان سے میراتھن ریس کا انعقاد کیا گیا جس میں 100 (باقی صفحہ 3 نمبر14)

کوئٹہ کے متعدد تھانوں کے ایس ایچ اوز تبدیل کر دیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے متعدد تھانوں کے ایس ایچ اوز تبدیل کر دیے گئے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق مہر اللہ جمالدینی کو ٹریفک پولیس کوئٹہ سے ایس ایچ او جناح ٹاؤن، ایس ایچ او شہید منظور احمد ترین، آفتاب ڈوکی کو پولیس لائن، ایس ایچ او جناح ٹاؤن شبیر باجوہ کو پولیس لائن، ایس سی آئی ڈبلیو جہانزیب مینگل کو ایس ایچ او شہید منظور احمد ترین، قاسم رودینی کو پولیس لائن سے ایس ایچ او شہید محمود الرحمٰن سریاب ان کے پیشرو فضل الرحمٰن کو (باقی صفحہ 3 نمبر15)

گرفتار گارڈز کو فوری رہا کیا جائے: میر خورشید جمالدینی

سردار اختر جان مینگل کے رہائشی کوارٹر پر چھاپہ قابل مذمت ہے

کوئٹہ (آن لائن) بی این پی کے مرکزی کمیٹی کے رکن میر خورشید جمالدینی نے سردار اختر جان مینگل کے رہائشی کوارٹر پر چھاپے اور ان کے ذاتی گارڈز کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام نہ صرف قابل افسوس بلکہ سیاسی کارکنوں اور بلوچ عوام میں تشویش کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی حکومت نے ماضی میں بھی بلوچستان (باقی صفحہ 3 نمبر17)

کسٹم اہلکار کے بلیک میل کرنے کا نوٹس لیا جائے ورنہ خودکشی پر مجبور ہوں گی، بی بی زینب کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے وحدت کالونی کی رہائشی بی بی زینب نے وزیراعلیٰ بلوچستان، آئی جی پولیس بلوچستان، کمانڈر 12 کور اور کلکٹر کسٹمز، سائبر کرائم، ایف آئی اے کے حکام مطالبہ کیا ہے کہ کسٹم کے اہلکار شاہ محمد کی جانب سے مجھے ہراساں اور بلیک میل کرنے کا نوٹس لیتے ہوئے اس کے خلاف کارروائی کی تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہو سکیں۔ اگر مجھے (باقی صفحہ 3 نمبر16)

پاک امریکہ تعلقات 79 سالہ تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے، سفیر پاکستان رضوان سعید

واشنگٹن (آن لائن) پاکستان اور امریکہ کے تعلقات اس وقت اپنی 79 سالہ تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہیں۔ یہ بات امریکہ میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے پاکستانی امریکن پریس ایسوسی ایشن (پاپا) کی جانب سے منعقدہ ایک پروقار تقریب سے (باقی صفحہ 3 نمبر31)

آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں اور ٹھیکیداروں کے مشترکہ اجلاس کی صدارت چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل اور صدر میر عبدالسلام لانگو کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر وپبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com